اگر نوراتہ بروز پنجشنبہ ہو۔ تو بادشاہ اس سال کا مشتری یعنی برہسپت ہے۔ بارش بکثرت ہو غلہ ارزاں ہو۔ مردمان عابد پرہیزگار اور شیعہ اپنے مذہب کی پیروی کریں۔ اور عمر دراز ہو۔ محبت اور دوستی ہو۔ اور آپس میں محبت اور دوستی کی ترقی کریں۔ مردمان کا رزق بکثرت ہو۔ اور علما خوش رہیں۔ اور شادی اور خوشی مردمان میں ہو۔ اور بیماری سے محفوظ رہیں گرمی کم سردی زیادہ ہو۔ گھاس زیادہ ہو۔ دودھ اور چارپایاں بکثرت ہوں۔ سنکرانت کا بھی یہی حکم ہوتا ہے۔ بطور نوراتہ کے ؂

نتیجہ سال نوراتہ بروز جمعہ یعنی شکر وار کا

اگر نوراتہ بروز شکروار ہو۔ تو بادشاہ اس سال کا زہرہ یعنی شکر ہوگا۔ بارش بکثرت ہوگی۔ سیلاب آوینگے۔ غلہ ارزاں یعنی سستا بکے۔ توت بکثرت ہوں۔ روغن زرد ارزاں رہے۔ تمام خلائق آسودہ رہے۔ شادیاں زیادہ ہوں۔ غم مردمان کا دور

رہے۔ امیران خوش رہیں۔ درختوں کا ثمرہ عمدہ پیدا ہو۔ میوہ بکثرت ہو۔ اگر ماہ آخر سال غلہ گراں ہو۔ اور غلہ سے سوداگروں کو اپنے مال میں نفع ہو۔ سنکرانت کا بھی یہی حکم ہے۔ واللہ اعلم بالصواب ؂

ستاروں کی وزیری کا نتیجہ سال تمام میں

نمبر ۱۔ اگر چاند سال آئندہ کا وزیر ہو۔ تو مردمان میں خوشی ہو۔ اور سال آئندہ اچھا گذرے۔ اور سردار ملک کا اقبال زیادہ ہو۔ اور غلہ وغیرہ سستا بکے ؂

نمبر ۲۔ اگر سورج سال آئندہ کا وزیر ہو۔ تو اس سال زمین گرمی سے سوختہ ہوگی۔ اور ہوا گرم زہرناک چلے گی۔ اور بیماریاں تیز پیدا ہوں گی ؂

نمبر ۳۔ اگر مریخ یعنی منگل سال آئندہ کا وزیر ہو۔ تو اس سال کو قحط سالی ہو۔ اور بارش کم۔ لڑائی اور فساد دُنیا میں زیادہ ہو۔ اور چوری زیادہ ہو۔ راہزنی زیادہ ہو ؂

نمبر ۴۔ اگر عطارد یعنی بدھ سال آئندہ کا وزیر ہو۔ تو غلہ زیادہ پیدا ہو۔ اور سستا بکے۔ اور بارش باراں بکثرت ہو۔ گھاس زیادہ ہو ؂

نمبر ۵۔ اگر مشتری یعنی برہسپت سال آئندہ کا وزیر ہو۔ تو بارش بکثرت ہو۔ اور زراعت اور گھاس زیادہ پیدا ہو۔ اور ہر میوہ بکثرت اور عمدہ ہو ؂

نمبر ۶۔ اگر زہرہ یعنی شکر سال آئندہ کا وزیر ہو۔ تو بارش بکثرت ہو۔ اور مردمان میں آرام رہے۔ اور گاواں بچہ زیادہ دیں۔ شادیاں ہر جا زیادہ ہوں ؂

نمبر ۷۔ اگر زحل یعنی سنیچر سال آئندہ کا وزیر ہو۔ تو خوف چوروں کا اور راہزنوں کا زیادہ ہو۔ اور آگ سے بہت مکانات جل جاویں۔

اسرار ترتیب درباب دریافت کرنے اس امر کے کہ نتیجہ سال میں بادشاہی اور وزیری اور سپہ سالاری کس کس ستارہ کی ہوگی

جس روز کو نوراتہ [illegible] جنتری شروع سال ہوگا۔ اس دن کے [illegible] کے اس سال میں بادشاہی ہوگی۔ مثلاً نوراتہ روز شنبہ ہوا۔ تو بادشاہی قمر یعنی چاند کی ہوئی۔ اور جس دن [illegible] ہوگی۔ اس دن کا ستارہ وزیر ہوگا۔ [illegible] منگل ہو۔ تو وزیر مریخ یعنی منگل اس سال کا ہوگا۔ اور جس دن [illegible] ہوگی۔ اس دن کا ستارہ سپہ سالار [illegible] مثلاً یکم جیٹھ بروز جمعہ کے ہو۔ تو سپہ سالار سال کا زہرہ ہوگا۔ پس معلوم ہوا کہ اس سال [illegible] قمر یعنی چاند اور وزیر مریخ یعنی منگل اور سپہ سالار زہرہ ہوا۔ اسی سے سعد [illegible] حال [illegible] کر لو۔

اسرار درباب دریافت کرنے احوال نیک و بد ہر سال آئندہ کا از روئے روز نوراتہ کے جو جنتری شروع سال سے معلوم ہو سکتا ہے کہ کس روز ہوگا۔

(نتیجہ سال نوراتہ بروز شنبہ یعنی سنیچر کا۔)

اگر نوراتہ بروز شنبہ ہو۔ تو اس کا تعلق ساتھ سنیچر کے ہے۔ اس سال میں تیل [illegible] چھ [illegible] رنگ سیاہ گراں قیمت ہوں۔ امیروں میں دشمنی ہو۔ اور [illegible] اور خلقت قحط سے تنگ ہو۔ امیروں [illegible] بعض مکانات کو آگ لگے۔ [illegible] سنکرانت کا حکم بھی اسی طرح ہے۔

نتیجہ سال نوراتہ بروز یکشنبہ کا

اگر نوراتہ بروز یکشنبہ ہو۔ تو اس کا تعلق ساتھ آفتاب یعنی سورج کے ہے۔ شروع سال میں غلہ ارزاں یعنی سستا ہو۔ آخر سال میں گراں قیمت ہو۔ اور تخم ریحان [illegible] تانبہ۔ سونا۔ زعفران۔ چاول اور نباتات یعنی شکر [illegible] اور دیگر اشیاء سرخ رنگ اور زرد ارزاں ہوں۔ غلہ [illegible] بارش کم ہو۔ اور خلقت میں دشمنی پڑے۔ اور درخت کم میوہ لائیں۔

نتیجہ سال نوراتہ بروز دوشنبہ یعنی سوموار کا

اگر نوراتہ بروز دوشنبہ ہو۔ تو اس کا تعلق قمر یعنی چاند سے ہے۔ [illegible] ہے۔ بکثرت بارش ہو۔ گاؤں کا [illegible] زیادہ ہو۔ [illegible] ہو۔ رعیت خوش رہے۔ امیر لوگوں پر [illegible] کریں۔ غلہ ارزاں ہو۔ [illegible] بیماری اور موت کم ہو۔ شادیاں زیادہ ہوں۔

نتیجہ سال نوراتہ بروز سہ شنبہ یعنی منگلوار کا

اگر نوراتہ بروز سہ شنبہ ہو۔ تو اس کا تعلق ساتھ ستارہ مریخ یعنی منگل کے ہے۔ [illegible] ملک ہے۔ سرداروں کی موت آوے۔ اور آدمیوں میں غم اور رنج اور بیماری [illegible] اور فساد ہو۔ اور بعض آدمی جلاوطن ہوں۔ بارش کم غلہ گراں قیمت ہو۔ آگ سے بعض مکانات تباہ اور ملک [illegible] ہوں۔ بعض گاؤں میں آگ لگے۔ غلہ سیاہ اور ماش و گندم اور [illegible] سیاہ گراں قیمت ہو۔ [illegible] اشیاء گراں قیمت ہوں۔ حکم سنکرانت بھی حکم نوراتہ کا رکھتا ہے۔

ہو ؀

گوہر اسرار نہانی درباب معلوم کرنے حوادثات زمانہ بابت سال و ماہ آئندہ متفرق امورات کے رُو سے

نمبر ۱ — جس دن یکم ماہ شدی کو قمر یعنی چاند برنگ سُرخ طلوع ہوتا ہو یا سُرخ طرف مشرق یا طرف مغرب کے نظر آوے۔ تو دلیل ہے کہ یعنی اس سال قحط نہ ہو۔ اور سال بدرجہ کمال عمدہ ہو۔ اور ہر نعمت پیدا ہو۔ اور بارش بکثرت ہو ؀

نمبر ۲ — اگر ماہ اساڑھ میں بادل ظاہر ہوں۔ تو ماہ ساون اور بھادوں میں بارش بکثرت ہو ؀

نمبر ۳ — اگر تاریخ پنجم ماہ اساڑھ روز یکشنبہ یعنی اتوار کے ہو۔ تو غلہ اوس سال ارزاں سستا ہو ؀

نمبر ۴ — اگر دو شنبہ یا پنجشنبہ کو پنجم تاریخ ماہ اساڑھ ہو۔ یا پنجم اساڑھ بروز جمعہ ہو۔ تو اس سال میں غلہ ارزاں ہو ؀

نمبر ۵ — اگر روز پنجم اساڑھ روز سنیچر ہو۔ تو قحط پڑے۔ اور چارپائے مریں۔ اور زراعت اس سال کی خشک ہو جائے ؀

نمبر ۶ — اگر دیوالی بروز سنیچر یا منگل ہو۔ بشرطیکہ پچھتر اس روز سواتی ہو۔ تو بیماری جہان میں زیادہ ہو۔ سردار ملک کو خطرہ جان کا ہو۔ قیمت چہارپایان کی گراں۔ اور حاملہ عورتوں کو اس سال میں ... واقعہ ہو ؀

نمبر ۷ — اگر موسم کُلک کی روز وہ بیشتی ہو۔ اور بادل ظاہر ہوں۔ تو ساون بھادوں اور اسوج میں بارش بکثرت ہو ؀

نمبر ۸ — اگر یکم ماہ بیساکھ پنجشنبہ ہو۔ اور اس تاریخ کو بادل آویں۔ اور بجلی چمکے۔ تو وہ سال تمام ناقص یعنی خراب ہو۔ اور اس سال میں ہوا تیز چلے۔ آندھیاں آویں۔ اور زلزلہ یعنی بھونچال آوے۔ اور بارش کے ساتھ ژالہ یعنی اولے اور پتھر ... ٹوٹے نظر آویں۔ چاند سورج کو اس سال میں گرہن واقع ہو ؀

نمبر ۹ — اگر یکم ماہ بیساکھ کو روز یکشنبہ یعنی اتوار ہو۔ تو ہوا تیز چلے۔ اور اس سال میں غلہ گراں ہو۔ اور دنیا میں فساد اور جہان میں بیماری پڑے ؀

نمبر ۱۰ — اگر یکم بیساکھ دو شنبہ یعنی سوموار کو ہو۔ تو غلہ بہت پیدا ہو۔ اور بارش بکثرت ہو۔ اور روغن زرد یعنی گھی زیادہ ہو ؀

نمبر ۱۱ — اگر یکم ماہ بیساکھ سہ شنبہ یعنی منگلوار کو ہو۔ تو گڑ اور تیل ... اور منقہ کپڑے سُرخ رنگ زیادہ قیمت پر فروخت ہوں۔ اور اس سال میں چوریاں زیادہ ہوں اور فساد ہوں ؀

نمبر ۱۲ — اگر یکم ماہ بیساکھ بروز چہارشنبہ یعنی بدھ کو ہو۔ تو گھی اور تیل گراں قیمت ہوں۔ اور اشراف آدمی بدمعاشوں سے ڈریں۔ اور پارچات برنگ سُرخ ارزاں ہوں۔ خلقت میں آرام رہے۔ قسم زر و سونا اور ایسے قسم کے اجناس گراں قیمت ہوں ؀

نمبر ۱۳ — اگر یکم ماہ بیساکھ بروز پنجشنبہ یعنی جمعرات کو ہو۔ تو سوداگروں کو اس سال نفع ہو۔ دنیا آرام میں رہے ؀

نمبر ۱۴ — اگر یکم ماہ بیساکھ جمعہ کو ہو۔ تو تیل اور گھی زیادہ پیدا ہو۔ بارش عمدہ ہو۔ چہارپائے بکثرت پیدا ہوں۔ اور جہان میں آرام رہے۔ سوداگروں کو نفع زیادہ ہو ؀

نمبر ۱۵ - اگر یکم ماہ بیساکھ بروز [illegible] ہو تو فساد و جنگ جہاں میں ہو [illegible]
اور غلہ [illegible] اور گھی اور تیل گراں قیمت ہوں ۔

نمبر ۱۶ - اگر دوسری یا تیسری ماہ [illegible] گھر میں بادل تمام ہوں ۔ تو موجب بارش کا
[illegible] ہو

نمبر ۱۷ - اگر دسویں یا بارھویں تاریخ ماہ [illegible] بجلی چمکے یا بادل آویں ۔ تو
اُس سال میں آفت زیادہ ہو ۔ اور غلہ بکثرت ارزاں ہو اور بارش بکثرت ہو

نمبر ۱۸ - اگر تاریخ مذکورہ میں یعنی دسویں گیارھویں ماہ [illegible] نہ بادل آویں
نہ بجلی چمکے اور نہ بارش ہو ۔ تو اُس سال میں قحط پڑے ۔

نمبر ۱۹ - اگر تیرھویں ماہ [illegible] بروز پنجشنبہ یعنی [illegible]
تو بارش کم ہو اور غلہ گراں ہو [illegible] اُس سال میں خشک [illegible]
ویران ہو

نمبر ۲۰ - اگر روز یکم ماہ [illegible] بارش ہو ۔ تو زراعت میانہ پیدا ہو

نمبر ۲۱ - اگر یکم ماہ [illegible] بروز اتوار ہو ۔ تو اُس سال میں ہوا زیادہ چلے
اور [illegible] آویں ۔ جہان میں فساد ہو ۔ اور قحط ہو ۔ غلہ گراں ہو [illegible] جہان
میں بیماری پڑے ۔

نمبر ۲۲ - اگر یکم ماہ [illegible] بروز دو شنبہ یعنی سوموار کو ہو ۔ تو اُس سال
روئی ، گھی اور گندم یعنی کنک زیادہ ہو

نمبر ۲۳ - اگر یکم ماہ [illegible] بروز منگلوار ہو ۔ تو گڑ اور گھی ۔ مصری کشمش
اور کپڑا [illegible] نرخ گراں قیمت ہو ۔ چوری زیادہ ہو ۔ اور جہان میں فساد ہو

نمبر ۲۴ - اگر یکم ماہ [illegible] بروز چہار شنبہ یعنی بدھوار کو ہو تو [illegible]
گھی گراں قیمت ہو ۔ اور شریف آدمی نیچی قوم سے دبیں

نمبر ۲۵ - اگر یکم ماہ [illegible] بروز جمعرات ہو تو سب گیہوں کو نفع ہو ۔ اور سونا چاندی
گراں قیمت رہے ۔ اور خلقت آسودہ رہے

نمبر ۲۶ - اگر یکم ماہ [illegible] بروز جمعہ ہو ۔ تو تیل گھی زیادہ پیدا ہو ۔ اور بارش عمدہ ہو
چارپائے زیادہ ہوں

نمبر ۲۷ - اگر یکم ماہ [illegible] بروز شنبہ یعنی سنیچر کو ہو ۔ تو جہان میں فساد ہو ۔ اور
گرانی غلہ رہیگی ۔ اور [illegible] کم پیدا ہو

نمبر ۲۸ - اگر ماہ پوہ کی [illegible] تاریخوں کو بجلی چمکے ۔ یا بارش ہو ۔ تو وہ سال تمام نیک
ہو ۔ اور غلہ سستا رہے

نمبر ۲۹ - اگر تاریخ مذکورہ کو بجلی نہ چمکے ۔ اور نہ ہی بارش ہو ۔ تو اُس سال میں گرانی
غلہ اور قحط سالی ہو

نمبر ۳۰ - اگر پنجم ماہ پوہ نہ بجلی چمکے ۔ نہ بارش ہو ۔ تو ساون اور بھادوں اور
ماہ اسوج میں بارش عمدہ ہو

نمبر ۳۱ - اگر ساتویں ماہ پوہ بارش نہ ہو تو یقین ہے ۔ کہ بماہ ساون بارش ہو

نمبر ۳۲ - اگر ساتویں ماہ پوہ بادل اور بارش نہ ہو ۔ تو بتاریخ ساتویں ماہ
ساون تند کی بارش ہو

نمبر ۳۳ - اگر دسویں ماہ پوہ بادل آویں ۔ یا بجلی چمکے ۔ تو بتاریخ بارھویں ماہ
بھادوں بارش ہو

نمبر ۳۴ - اگر تیرھویں اور چودھویں ماہ پوہ بادل آویں ۔ اور بارش نہ ہو ۔
تو ماہ ساون میں بروز پورنماشی بارش ہو ۔ اور خلقت آرام میں رہے

نمبر ۳۵ - اگر یکم ماہ پوہ بروز چہار شنبہ یعنی بدھ وار ہو ۔ تو نرخ غلہ کا
اُس سال میں گراں ہو ۔ اور بارش کم ہو

نمبر ۳۶ - اگر ماہ ... بروز پنجشنبہ یعنی جمعرات کو ہو - تو ارزانی غلہ کی اسقدر ہو - کہ لوگ
یا بروز سینچر یا بروز پنجشنبہ یعنی جمعرات کو ہو - تو ارزانی غلہ کی اسقدر ہو - کہ لوگ
غلہ نہ خرید کریں ؛
نمبر ۳۷ - اگر بتاریخ آٹھویں - نائویں - چھٹی - گیارہویں - ماہ پوہ پھیر بارش ہو - تو بتاریخ دسویں ماہ ہاڑھ بارش ہو ؛
نمبر ۳۸ - اگر دسویں ماہ پوہ بجلی چمکے - اور بادل آویں - اور ہوا مشرق کی طرف کی ہو - تو اس سال میں نعمت عمدہ پیدا ہو ؛
نمبر ۳۹ - اگر یکم ماہ پوہ بروز یکشنبہ یعنی اتوار کو ہو - تو سوداگروں کو بہت نفع ہو ؛
نمبر ۴۰ - اگر بروز سینچر کو ہو - تو نفع خرید مال سوداگروں کو بعد گذرنے چھ ماہ کے چہار چنداں حاصل ہو - یعنی چہار گنا ؛
نمبر ۴۱ - اگر یکم ماہ پوہ بروز چہارشنبہ یعنی بدھ کو ہو - تو ارزانی غلہ ہو ؛
نمبر ۴۲ - اگر یکم ماہ پوہ بروز پنجشنبہ یعنی جمعرات کو ہو - تو جس سوداگر نے غلہ جمع کیا ہوا ہو - وہ نقصان اٹھاوے ؛
نمبر ۴۳ - اگر یکم ماہ پوہ کو بارش ہو - تو زراعت عمدہ اور بکثرت پیدا ہو اور بارش متواتر چند بار ہو - اور غلہ ارزاں اور آرام خلقت میں ہے ؛
نمبر ۴۴ - اگر ماہ ماگھ ودی وسُدی بتاریخ ساتویں اور پانچویں کو اگر بادل آویں اور بجلی چمکے - تو ماہ ساون اور ماہ بھادوں اور ماہ اسوج میں بارش بخوبی ہو - اگر تاریخ مذکورہ کو نہ بارش ہو - اور نہ بجلی چمکے - تو قحط سالی ہو ؛
نمبر ۴۵ - اگر اماوس ماہ بھادروں بروز اتوار یا روز شنبہ یعنی سینچر یا سہ شنبہ یعنی منگلوار کو ہو - تو اسقدر ہوا تیز اور آندھی آوے - کہ مردمان کو بیقرار کرے

اور درختوں اور میوہ جات کو نقصان پہنچے ؛
نمبر ۴۶ - اگر بروز یکم سُدی بارش ہو - تو اس سال میں تیل اور گھی - اور غلہ گندم یعنی کنک ارزاں یعنی سستی بکے ؛
نمبر ۴۷ - اگر بروز سوئیم سُدی بادل آویں - یا بجلی چمکے - تو غلہ گراں قیمت ہو ؛
نمبر ۴۸ - اگر روز چہارم سُدی ناکور بادل آوے - تو برگ پان اور انار جیل - یعنی گری ارزاں ہو ؛
نمبر ۴۹ - اگر بروز پنجم سُدی ہوا از طرف شمال چلے - تو یقین ہے - کہ بماہ بھادوں بارش کم ہو ؛
نمبر ۵۰ - اگر ششم سُدی تاریخ بادل نہ ہو - تو روئی اور روغن زرد یعنی گھی گراں قیمت ہو ؛
نمبر ۵۱ - اگر بروز ہفتم سُدی یعنی ساتویں کو بادل ہو - تو بارش ہووے - اور سال میں نعمت گوناگون پیدا ہو ؛
نمبر ۵۲ - اگر بروز ساتویں ایکم سُدی بادل نہ آویں - تو قحط سالی ہو ؛
نمبر ۵۳ - اگر ہفتم ایکم سُدی کو آفتاب یعنی سورج بادلوں میں چھپا رہے - اور نظر نہ آوے - تو ایک ماہ پچیس ۲۵ روز کے بعد موسم برسات میں بارش اور بیماری ہو ؛
نمبر ۵۴ - اگر ساتویں ایکم سُدی روز بادل آویں - یا بجلی چمکے - تو تمام ماہ میں پندرہ یوم تک بارش ہوتی رہے گی ؛
نمبر ۵۵ - اگر بروز سینچر ساتویں تاریخ ایکم سُدی ہو - تو قحط سالی اور فساد اور خونریزی دنیا میں ہو ؛
نمبر ۵۶ - اگر بروز آٹھویں سُدی ماہ مذکورہ کو چاند دیکھا جاوے - اور

[illegible] ہو۔ تو کل سردار مر جاوے۔ اور قحط سالی ہو [illegible]

[illegible] بادلوں میں چھپا ہوا ہو۔ تو موجب [illegible]

نمبر ۱۵۷ [illegible]

اور بارش ہو

نمبر ۱۵۸ - اگر روز نہم سدی چاندنی بروز چاند اور سورج کو گرہن ہو۔ تو قحط

کہ بارش ماہ [illegible] نہ ہو۔ اور قیمت غلہ گراں اور خلائق میں مرگ [illegible]

نمبر ۱۵۹ - اگر روز سدی [illegible] سنیچر کا ہو۔ اور پکھشر [illegible] ہو۔ تو غلہ [illegible]

[illegible] چہار چند ہو۔ اور مرد عورتوں سے تنگ آویں۔ باہم ان کے نا اتفاقی ہو

نمبر ۱۶۰ - اگر بروز پورنماشی بادل نہ ہوں۔ تو دلیل ہے۔ کہ [illegible]

کہ غلہ ارزاں اور سستا بکے۔ ورنہ برعکس ؛

نمبر ۱۶۱ - اگر بروز پورنماشی پہر اول میں بادل نہ ہوں۔ تو دلیل ہے کہ [illegible]

بادرہ بارش متواتر ہو۔ اگر بیچ پہر دوئم بادل نہ ہوں۔ تو ساون کے مہینہ

میں بارش متواتر ہو ؛

نمبر ۱۶۲ - اگر یکم ماہ ماگھ روز یکشنبہ یعنی اتوار کو ہو۔ تو ہوا تیز چلے۔ اور اس سال میں موجب گرانی غلہ ہو۔ ہنگامہ خلائق میں ہو۔ اور مردوں کو بیماری ہو

نمبر ۱۶۳ - اگر یکم ماہ ماگھ روز دوشنبہ یعنی روز سوموار کو ہو۔ تو اسی سال میں بارش عمدہ ہو۔ اور چاول اور روئی اور تیل۔ گھی زیادہ ہو ؛

نمبر ۱۶۴ - اگر ماہ مذکور بروز سہ شنبہ یعنی منگلوار کو ہو۔ تو قند سیاہ یعنی گڑ اور تیل گھی اور کنک مسور۔ منقیٰ اور اقسام سرخ رنگ کے گراں قیمت ہوں۔ اور جہاں میں نا اتفاقی زیادہ ہو۔ اور چور زیادہ ہوں ؛

نمبر ۱۶۵ - اگر یکم ماہ مذکور بروز چہار شنبہ یعنی بدھ کو ہو۔ تو تیل اور گھی موتی جواہرات گراں قیمت ہوں۔ اور خلائق میں آرام رہے ؛

نمبر ۱۶۶ - اگر یکم ماہ مذکور کو بروز پنجشنبہ یعنی جمعرات کو ہو۔ تو سوداگروں کو نفع ہو۔ اور خلائق میں شادیاں ہوں ؛

نمبر ۱۶۷ - اگر یکم ماہ مذکور روز جمعہ کو ہو۔ تو چہار پائے زیادہ پیدا ہوں۔ اور تیل اور گھی زیادہ پیدا ہو ؛

نمبر ۱۶۸ - اگر یکم ماہ ماگھ مذکور شنیچر کو ہو۔ تو گرانی غلہ ہو ؛

نمبر ۱۶۹ - اگر ماہ پھاگن میں ودی روز یکم اور پکھشر کرتکا ہو۔ تو اس سال میں زراعت زیادہ پیدا ہو ؛

نمبر ۱۷۰ - اگر بروز پنجم ودی ماہ مذکور کو بجلی چمکے۔ یا بارش ہو۔ تو اس سال میں ہر نعمت بکثرت ہو ؛

نمبر ۱۷۱ - اگر اس تتھ مذکور میں بارش ہو۔ نہ بجلی چمکے۔ تو اس سال میں قحط ہو۔

نمبر ۱۷۲ - اگر اماوس روز سنیچر یا منگلوار کو ہو۔ تو جنگ واقعہ ہو۔

نمبر ۱۷۳ - اگر پورنماشی بروز ہولی ہو۔ کہ وہ روز اہل ہنود میں مقرر ہے اور ہر جنتری کی شروع سال میں درج ہوتا ہے۔ جبکہ وہ بروز سنیچر اوکو جلادیں تو اوس مکانوں کو آگ لگے۔ اگر اس روز تیز ہوا چلے۔ اگر شمال کی طرف تیز ہوا چلے۔ تو اچھی اور نیک ہے۔ اور اگر از طرف جنوب ہوا چلے۔ تو ثمرہ میانہ ہے۔ اگر مشرق کی طرف سے ہوا چلے۔ تو موجب نحوست ہے۔ اگر ہر طرف ہوا چلے۔ تو جہان کو خرابی ہو۔ اگر ہر چہار طرف سے ہوا بند ہو۔ تو جہان میں آوارگی ہو۔ اور اس سال میں بارش بہت کم ہو ؛

نمبر ۱۷۴ - اگر ہر سنگرانت کو یعنی یکم ہر ماہ اہل ہنود کو بارش ہو۔ تو جہان میں شادیاں اور خوشیاں ہوں ؛

نمبر ۷۵ - اگر ماہ چیت ... چلے۔ یا بارش ہو۔ تو وہ سال اچھا ہو۔ اور اس میں نعمت بکثرت ہو۔ اگر اس کے برعکس ہو تو نتیجہ برعکس ہو۔

نمبر ۷۶ - اگر یکم سُدی کو نچھتر ریوتی ہو۔ تو بارش خوب ہو۔

نمبر ۷۷ - اگر اماوس روز شنبہ یعنی سنیچر اور یکشنبہ یعنی اتوار اور سہ شنبہ یعنی منگلوار کو ہو۔ تو ملک کا سردار بیمار ہو۔ یا قید ہو جائے۔

نمبر ۷۸ - اگر بروز سُدی یکم کو بادل ہو۔ تو نرخِ غلہ گراں رہے۔

نمبر ۷۹ - اگر بروز بارہویں اور تیرہویں سُدی مذکور کو بادل ہو۔ یا بجلی چمکے۔ تو فساد جہان میں ہو۔ اور بارش کم ہو۔

نمبر ۸۰ - اگر بروز پورنماشی بادل آویں۔ تو ماہ بھادروں میں بارش بافراط ہو۔

نمبر ۸۱ - اگر اماوس بروز اتوار یا سنیچروار یا منگلوار ہو۔ تو سردار ملک کو نقصان ہو۔

نمبر ۸۲ - اگر روز یکم سُدی بھرنی نچھتر نہ ہو۔ تو ماہ ساون میں بارش ہو۔

نمبر ۸۳ - اگر دوم بیساکھ نچھتر بھرنی نہ ہو۔ تو موجب آرام خلائق اس سال میں ہو۔

نمبر ۸۴ - اگر وَدی یکم اتوار کو ہو۔ تو ہوا تیز چلے۔ اگر بروز منگل ہو تو بیماری ہو۔

نمبر ۸۵ - اگر بروز پورنماشی نچھتر مولان ہو۔ اور بادل بھی نہ ہوں۔ تو اس سال میں بارش بہت کم اور بیوقت ہو۔

نمبر ۸۶ - اگر گیارہویں اور بارہویں تاریخ ماہ ہاڑھ نچھتر روہنی ہو۔ تو مردماں اور چہارپایاں میں بیماری اور موت واقعہ ہو۔ اور ہر جنس گراں قیمت ہو۔

نمبر ۸۷ - اگر چودہویں ماہ ہاڑھ روہنی نچھتر ہو۔ تو ملک کا سردار مرے یا بیمار ہو۔

نمبر ۸۸ - اگر بروز سُدی پنجم اور ششم اور ہشتم کو بادل گرجے۔ یا بجلی چمکے۔ تو بارش بکثرت ہو۔

نمبر ۸۹ - اگر تاریخ ناویں ماہ ہاڑھ وقت شام بادل ہوں۔ تو ماہ بھادوں میں بارش بکثرت ہو۔

نمبر ۹۰ - اگر پورنماشی بروز اتوار ہو۔ تو بیماری مردماں میں پڑے۔

نمبر ۹۱ - اگر پورنماشی چہارشنبہ یعنی بدھ کو ہو۔ تو بچوں کو چیچک یعنی ماتا نکلے۔ لڑکے اکثر مریں۔

نمبر ۹۲ - اگر پورنماشی منگل کو ہو۔ تو بیماری وبائی ہو۔

نمبر ۹۳ - اگر ان مذکورہ تاریخوں میں بادل گرجے۔ تو اس سال میں غلہ بکثرت ہو۔ اگر رات کو بادل ہوں۔ تو موجب قحط کا ہے۔ اور روز پورنماشی نچھتر بکھ ہو۔ اور ہوا شمالی چلے۔ تو گرانی غلہ اور سختی بدرجہ کمال ظاہر ہو۔ اور خلائق میں بیماری اور غمناکی ہو۔

نمبر ۹۴ - اگر یکم ماہ مذکور بارش ہو۔ تو پھوڑوں کی بیماری مردماں کو تکلیف دے۔

نمبر ۹۵ - اگر نچھتر سیس روز یکم ماہ ہاڑھ نہ ہو۔ تو ماہ اسوج میں بارش نہ ہو۔

نمبر ۹۶ - اگر پورنماشی بروز دوشنبہ یعنی سوموار کو ہو۔ تو مشرق کی طرف سے ہوا چلے۔ اور تمام دن غبار رہے۔

نمبر ۹۷ - اگر یکم ماہ ساون یا یکم ماہ بھادروں بارش ہو۔ تو چارپائے بیمار ہوں۔

نمبر ۹۸ - اگر یکم ماہ ساون ... [illegible]
قیمت غلہ گراں ہو؛

... سال میں - نمبر ۹۹ - اگر چوتھے روز وری کو بادل نہ ہوں - تو اٹھارہ پہر میں بارش
... ہو - اگر اس تاریخ میں سورج بادلوں میں چھپا ہو تو ایک ماہ پندرہ روز
میں بارش ہو؛

نمبر ۱۰۰ - اگر روز ہشتم یعنی آٹھویں وری مذکور بارش ہو - تو غلہ
ارزاں ہو؛

نمبر ۱۰۱ - اگر گیارہویں کو نچھتر روہنی ہو - تو غلہ زیادہ پیدا ہو؛

نمبر ۱۰۲ - اگر یکم ماہ بھادروں میں بارش ہو - تو مردمان میں بیماری پیدا ہو؛

نمبر ۱۰۳ - اگر اماوس بروز دوشنبہ یعنی سوموار کو ہو - تو زراعت زیادہ ہو؛

نمبر ۱۰۴ - اگر سوائے زہرہ یعنی شکر باقی چھ سیارہ ایک راس یا برج میں
جمع ہوں - تو راجہ کو تکلیف ہو - اور ملک پر نہایت سختی وارد ہو؛

نمبر ۱۰۵ - اگر بماہ جیٹھ گرمی سخت اور بماہ اساڑھ ہوا تیز چلے - تو بیچ نچھتر ...
اور نچھتر ادران کے بارش ہو؛

نمبر ۱۰۶ - اگر چاند پہلی تاریخ کا ہر دو پہلو یعنی اطراف برابر رکھتا ہو - تو
ملک میں کچھ خرابی پڑے - اور امیروں میں دشمنی ہو؛

نمبر ۱۰۷ - اگر چاند یکم تاریخ کو طرف جنوب کے اونچا ہو - تو قحط پڑے - اگر
طرف شمال کے اونچا ہو - تو خلقت میں آرام رہے؛

نمبر ۱۰۸ - اگر چاند روز سنیچر یا سوموار کو طلوع کرے تو ایک ماہ میں کوئی
امیر مرے - یا بیمار ہو - یا غلہ گراں ہو -

نمبر ۱۰۹ - اگر بیچ نچھتر ست پکھان اور پورا بھاگن ... [illegible]

درجنیشٹا کو چاند یکم تاریخ کو طلوع ہو - تو ایک ماہ کے عرصہ میں امیروں میں آفت پہنچے - اور گرانی غلہ یا بیماری خلقت میں پڑے -

نمبر ۱۱۰ - اگر چاند روز سنکرانت بیچ نچھتر ابی کے ہو - تو بارش بخوبی ہو - اور خلقت میں اوس سال آرام رہے؛

اسرار نہانی درباب اس کے کہ جملہ سیارگان معہ راہ کیت کے مختلف راسوں یعنی برجوں میں ازروئے گردش طبعی کے آنکر ہر آدمی کی راس سے متعلق ہو کر کیا کیا اثر نیک یا بد کرتے ہیں اور نتیجہ کیسا ہوتا ہے؛

نوٹ :- جس شخص کا جنم نیک ساعت میں ہوگا - یا جسکو بوقت آنے کسی سیارہ کے سورج نیک گھر میں یعنی نیک راس میں ہوگا - تو اُس شخص پر نحوست یعنی بدی سیارہ کی اگر وہ نحس گھر میں آوے - اثر کم کرے گی اگر اس کے برعکس ہو - تو بدی نحس سیارہ کی بخوبی اثر کریگی - اس نکتہ کو یاد رکھنا چاہیے۔

اگر سائل کو سنیچر یعنی زحل اپنی راس میں آوے،

یعنی خانہ لگن میں - تو سائل کو مرض سر و چشمان کی ہو - اور درد شقیقہ یا بیماری جملہ اعضائے درد جسمانی اور تپ شدید کی ہو - یا کوئی شخص سائل کے گھر کے آدمیوں سے مر جاوے - مال کا نقصان ہو - یا چور لے جاویں - یا بلا وجہ و بلا سود خرچ ہو - یا دشمن زیادہ ہوں - خرخشہ یا مقدمہ واقعہ ہو - یا دوستوں میں دشمنی پڑے - اور

اگر سائل کو سنیچر یعنی زحل اٹھویں راس پر آوے

[illegible]

اگر سائل کو سنیچر یعنی زحل نویں راس پر آوے

تو سائل کی طبیعت ... عشق اور محبت ... [illegible] اور خوشی پہونچے۔ اور خلائق میں عزیز ہو ... [illegible] امیر اور سکی عزت کریں ... [illegible] نفع ہو۔ یا ایک مرتبہ سے دوسرے عہدے پر ... [illegible]

اگر سائل کو سنیچر یعنی زحل دسویں راس پر آوے

تو سائل کو تندرستی اور توانائی ہو ... [illegible] یا سائل کو امیروں اور سرداروں سے ... یا دولت ... گھر ... [illegible] یا ایک جنس منقولہ یعنے مکانات اور زمین سے ... [illegible] یا سائل کو خوشحالی ہووے ۔

اگر سائل کو سنیچر گیارہویں راس پر آوے

[illegible]

اگر سائل کو سنیچر بارہویں راس پر آوے

[illegible] واللہ اعلم بالصواب ۔

نوٹ

یاد رہے کہ سنیچر ہر ایک راس میں ڈھائی سال تک رہتا ہے اور اس کا نتیجہ ... [illegible] ظاہر ہوتا ہے ۔

[illegible]

نتیجہ خانہ دوم یعنی دوسری راس کا

اگر سائل کو سنیچر دوسری راس پر آوے تو سائل کا نقد اور جنس کچھ یا جو کچھ کہ خرچ ہو یا کوئی جائیداد غیر منقولہ مکانات وغیرہ گرو یا بیع یعنی فروخت ہو جاوے۔ یا مال منقولہ یعنی نقدی زیور و بیارچات اوسکا چوری سے جلدی ... یا نقصان بلا وجہ ہو اور اپنے رشتہ داروں سے کوئی صدمہ یا غم دیکھے اور پریشان دل اور آزردہ رہے۔

اگر سائل کو سنیچر اپنی راس سے تیسری راس میں آوے

تو سائل کو مال اور زر ہاتھ لگے۔ اور دشمنوں پر فتح اور نصرت ہو۔ اگر سفر کرے۔ تو خوشی اور دولت پاوے۔ یا سفر میں آرام ہو اور امیروں کی طرف سے اسکی عزت زیادہ ہو۔ یا نفع پہنچے۔ اگر عورت رکھتا ہو اور اسکی بیماری رحم ... ہو تو اس کے گھر میں طفل یعنی لڑکا پیدا ہو۔ اگر سائل اپنی عورت نہیں رکھتا تو اسکی پلٹن سے بیگانہ گھر میں پیدا ہو۔ اور اسکی خوشی دیکھے اور غیب سے بلا کسی محنت کے مال اور زر یعنی سونا چاندی ملے جو کام کرے۔ وہ ہووے اور بلا کسی تعریف کے ہو۔ اور آرام اور خوشی میں رہے۔

اگر سائل کو زحل یعنی سنیچر چوتھی راس میں آوے

تو سائل کے دوستوں اور سائل میں باہم کوئی جھگڑا یا فساد پیدا ہو ... ہو۔ یا سائل کو ... کلام یا امر پیش آوے۔ کہ جس سے اوسکو ... عظیم [illegible]

اور غم پہنچے۔ یا سائل ہر وقت غم اور فکر میں رہے۔ یا روزگار اسکا بند ہو۔ یا سائل کو باہر سے ایسی خبر ناخوش اور خراب پہونچے۔ کہ جس سے وہ بہت غمناک ہووے اور پریشان ہو۔

اگر سائل کو سنیچر پانچویں گھر یعنی راس پر آوے

تو سائل کو پریشانی دل ہو۔ یا غم اندروہ بہت پہونچے۔ یا عارضہ بدنی یعنی بیماری سخت ہو۔ جس سے سائل بہت غم اور تکلیف اٹھائے۔ یا بسبب فرزندان اور دختران غم پہونچے۔ یا اس کے گھر میں کسی عزیز کی موت واقع ہو اگر معشوق رکھتا ہو۔ تو جدائی اور ناراضگی ہو۔ اور مردمانِ غیب سے ملال اور رنج پہونچے۔ یا خبر ناخوش آوے۔

اگر سائل کو سنیچر چھٹی راس میں آوے

تو سائل دشمنوں پر غالب آوے۔ اور دشمن اس سے بھاگیں اور بہت ڈریں اگر کوئی مقدمہ یا خرخشہ درپیش ہو۔ تو سائل فتحیاب ہو۔ یا امیروں سے سائل کو فائدہ پہونچے۔ اور دولت اور زر ہاتھ آوے۔ مرتبہ اور عزت بلند ہو اگر بیماری رکھتا ہو۔ تو صحت پاوے۔ اور جو کام کرے۔ عمدہ اور فائدہ مند ہو۔

اگر سائل کو سنیچر ساتویں راس میں آوے

تو اول اس کو امیروں سے فائدہ ہو۔ یا اوس کے چہار پائے مریں۔ یا ہلاک ہوں۔ جس سے سائل کو نقصان پہونچے۔ یا اس کے دشمن زیادہ ہو کر غلبہ کریں۔ یا اگر عورت رکھتا ہو۔ تو سائل کی عورت کو بیماری سخت پیدا ہو۔ جس سے سائل پریشان خاطر ہو

احکام ... مشتری ... میں

اگر مشتری یعنی برہسپت پہلی راس سائل میں آوے

[illegible]

اگر برہسپت یعنی مشتری سائل کو دوسری راس میں آوے

[illegible]

اگر سائل کو برہسپت یعنی مشتری تیسری راس میں آوے

تو اسکو بزرگوں سے لا الہ ... [illegible]
... کے آدمیوں سے اوسکو کوئی خبر خوش ... [illegible]
... مسجد یا ٹھاکر دوارہ یا مندر ... [illegible]
... شفقت کریں۔ اور ان سے سائل کو ... [illegible]

اگر سائل کو مشتری یعنی برہسپت چوتھی راس میں آوے

[illegible]

اگر سائل کو برہسپت یعنی مشتری پانچویں راس میں آوے

[illegible]

اگر سائل کو برہسپت یعنی مشتری چھٹی راس میں آوے

[illegible]

[illegible] سہال یعنی دست آدیں - یا مزدور ملیں - اور سائل نوکروں یا گھر کے
آدمیوں پر رنج اور سختی کرے - یا گھر کے آدمیوں سے جدائی یا لڑائی ہو ؛

اگر سائل کو برہسپت یعنی مشتری ساتویں راس پر آوے

تو لوگ سائل کے ساتھ مہربانی کریں - سائل کو اُن سے شفقت حاصل ہو - اور جو کام سائل کرے - بخوبی اور عمدگی سے انجام کو پہونچے - یا چاندی یا سونا دوستوں اور امیروں سے ہاتھ لگے - اگر سائل اپنی عورت رکھتا ہے - تو بشرطیکہ نہ ہوتے بیماری رحم یا مثانہ اُس کے گھر فرزند پیدا ہو - اور عورت صحیح و سلامت رہے - اگر سائل عورت نہ رکھتا ہو - تو اُس کی پُشت سے غیر عورت سے فرزند پیدا ہو - بشرطیکہ عورت کو بیماری [illegible] ہو - اور فرزند غیر گھر کے خاندان میں چلا جاوے - اور سائل اوس سے محروم رہے - یا سائل کو عورت مع زیورات کے خوبصورت ہاتھ لگے - اور سائل عیش و عشرت [illegible] ہو - اور سائل دشمنوں پر غالب آوے - اور سائل کے دشمن دور ہو جاویں - [illegible] رکھتا ہو - تو صحت مستحق ہو - یا سائل کو کوئی سواری گھوڑا یا شتر [illegible] لگے - اور سائل اپنے خویشوں پر مہربانی کرے - اور اُن کو فائدہ [illegible]

[illegible] سائل کو مشتری یعنی برہسپت آٹھویں راس پر آوے

[illegible] سے ایسا خوف پہونچے - کہ سائل کا دل زیادہ تر سہناک اور [illegible] یا الزام جھوٹا لگا دیں - جس سے سائل کو خبر نہ ہو - یا [illegible] سائل کے گھر میں کسی محرّش و اقربا کو بیماری ہو -

یا خاص سائل کے جسم میں بیماری پیدا ہو - یا سائل کا کوئی پوشیدہ بھید ظاہر ہو - اور اُس سے سائل کو صدمہ اور غم پہونچے - یا سائل بیہودہ خیالات پر دلیر ہو کر برستہ ہو - اور خوار ہو - یا سائل کو اولاد کا فکر اور غم پہونچے ؛

اگر سائل کو برہسپت یعنی مشتری نانویں راس میں آوے

تو سائل دوستوں اور فرزندوں سے عزت اور خوشی دیکھے - اور خلقت میں سائل عزیز ہو - اور ہر ایک آدمی بموجب قدر سائل کے ساتھ مروّت اور مہربانی کریں - یا سائل اپنے مذہب کے متعلق جو جو کام کہ ہو نگے - اُن کو خیریت اور خوبی سے سرانجام کرے گا - یا وہ زیارت درگاہ مقدس کے لیئے ارادہ کرے گا - اور اُس کو خواب عمدہ نظر آویں گے - یا سائل سوداگری کا مال خرید کرے گا ؛

اگر سائل کو مشتری یعنی برہسپت دسویں راس پر آوے

تو سائل سرداروں اور امیروں یا بزرگوں یا بادشاہ کے گھر سے نعمت اور دولت پاوے اور دشمن اُس کے دور اور حیران و پریشان رہیں گے - اور دشمنوں سے کوئی خطرہ نہ پہونچیگا - یا سائل کے ہاتھ میں سونا یا چاندی آوے گی - اور سائل اوس سے خوش ہوگا ؛

اگر سائل کو مشتری یعنی برہسپت گیارہویں گھر میں آوے

تو سائل صاحب عزت اور مروّت ہوگا - تو سائل کو امیروں اور بادشاہ کے گھر سے یا کسی شخص سے نقد اور جنس ملیگا - یا سائل کے کاموں کے نیک سرانجام ہوں گے - اگر سائل اپنی عورت رکھتا ہوگا - تو اوسکی عورت بشرطیکہ نہ ہوتے بیماری مثانہ و رحم کے

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

اگر سائل کو مشتری یعنی برہسپت بارہویں گھر میں آوے

تو سائل سے دشمن بہت ڈرتے رہیں۔ یا سائل کو دشمنوں سے کوئی مقدمہ یا جھگڑا عظیم پڑے۔ اور اس سے نقصان پہنچے۔ اصل اور دولت کا خرچ ہو۔ ... پڑے۔ یا سائل کو آنکھوں کی بیماری تنگ کرے۔ یا سائل کو کسی سبب سے ضرب کسی تیز ہتھیار کی لگے۔ جس سے خطرہ جان کو ہو۔ اور سائل خطرہ میں پڑا رہے۔ اور دل سائل کا پریشان رہے ؎

احکام سیارہ مریخ یعنی منگل بارہ راسوں میں

اگر سائل کو منگل یعنی مریخ پہلے گھر میں آوے۔ تو سائل کو عارضہ بدنی مثل تپ تیز محرقہ یا دیگر تپ گرم اور تے کا ہووے۔ یا سائل کو درد سر شقیقہ کی ہو۔ یا سائل کو خون بگڑنے کی بیماری ہو۔ پھوڑا اور آبلہ بدن پر نکلے۔ یا عورت سائل کی بیمار ہو۔ یا دشمنوں سے مقدمہ۔ یا سخت لڑائی ہو۔ یا سائل کو امیروں سے یا حکام سے ضرر جسمانی یا مالی پہونچے۔ اور ہر دم سائل کو غم ذالم پہونچے ؎

اگر سائل کو منگل یعنی مریخ دوسرے گھر میں آوے

تو سائل کی عورت اگر ہو۔ تو درد شکم کی بیماری میں مبتلا رہے۔ یا سائل کا خرچ بیفائدہ

ہو۔ دولت کا نقصان ہو۔ یا سائل کا فساد دشمنوں سے ہو۔ یا لڑائی یا ہنگامہ بہت ہو۔ مگر دشمن مغلوب ہوں۔ اگر کوئی مقدمہ یا جھگڑا ہو۔ تو سائل مغلوب رہے ؎

اگر سائل کو منگل یعنی مریخ تیسرے گھر میں آوے

تو سائل کے برادران میں متعلق امورات خانگی باہم گفتگو ہو۔ جس سے سائل کو کچھ رنج پہونچے۔ یا سائل کے مذہبی امورات انجام کو کم پہنچیں۔ یا سائل کو کوئی رفعت اور سرو مال امیروں اور سرداروں سے حاصل ہووے۔ یا سائل کے ہاتھ میں نقد اور جنس آوے ؎

اگر سائل کو منگل یعنی مریخ چوتھے گھر میں آوے

تو سائل کو مرض پھوڑا یا مرض سوزش گرمی سے واقعہ ہو۔ یا زراعت اور املاک یعنی زمین یا جائیداد غیر منقولہ مکانات وغیرہ سے یا لین دین سے سائل کو نقصان پہونچے۔ یا سائل کی عورت کو کوئی بدنامی اور رسوائی پہونچے۔ اگر سائل عورت رکھتا ہو۔ اور سائل بحالت خواب ڈرے۔ اور نحس خواب دیکھے ؎

اگر سائل کو منگل یعنی مریخ پانچویں راس پر آوے

تو سائل اپنے فرزندوں سے اگر رکھتا ہو۔ یا دشمنوں سے رنج اور غم پاوے۔ یا آگ لگنے سے سائل کو نقصان پہونچے۔ یا سائل کو کسی آلہ یا ہتھیار سے زخم لگیں۔ یا سائل کے بدن پر دنبل یا آبلہ سے زخم ہو۔ یا بدن یعنی جسم سائل پر ورم ہو ؎

اگر سائل کو منگل یعنی مریخ چھٹی راس میں آوے

[illegible]

اگر سائل کو منگل یعنی مریخ ساتویں گھر میں آوے

[illegible]

اگر سائل کو منگل یعنی مریخ [illegible] گھر میں آوے

[illegible]

اگر سائل کو منگل یعنی مریخ [illegible] راس میں آوے

خوفناک ہے۔ یا کوئی چیز سائل کی خرچ ہو۔ یا اس کا نقصان ہو۔ یا اتفاق رہائی کا
پڑے۔ اور سائل کا میانہ حال گذرے۔ اور خواب خوفناک دیکھے۔ یا سائل فکر
سے خوف کرے ۵

اگر سائل کو منگل یعنی مریخ دسویں گھر آوے

تو سائل کو امیروں سے ایک طرح کی خوشی پہونچے۔ یا سائل کی عزت اور حرمت یا رتبہ
یا کاروبار بلند ہو۔ یا سرداران یا دولتمندان اسپر ایسی شفقت کریں۔ کہ سائل کو اس
سے نفع پہونچے ۵

اگر سائل کو منگل یعنی مریخ گیارھویں گھر میں آوے

تو سائل فرزندوں کی یا دوستوں کی شادی دیکھے۔ یا غیب کی طرف سے خوشخبری
پہونچے۔ یا سائل کے دشمن زیردست ہوں۔ اور وہ دور ہیں۔ یا جو کام کہ سائل کرے
بخوبی انجام کو پہونچے ۵

اگر سائل کو منگل یعنی مریخ بارھویں راس میں آوے

تو دشمن سائل کے بہت ہوں۔ یا سائل کو زخم کسی ہتھیار تیر کا دشمنوں کے ہاتھ سے
لگے۔ یا سائل کو دشمن کسی مصیبت آفت میں گرفتار کریں۔ یا سائل کو بیماری درد
چشمان یا درد گوش یعنی کان کی پیدا ہو ۵

احکام ستارہ آفتاب یعنی سورج بارہ راسوں میں

اگر سائل کو آفتاب پہلی راس یعنی ابتدائی راس میں آوے۔ تو سائل کو کوئی فکر یا غم پہونچے

یاکسی شخص سے مقدمہ یا تنازعہ پڑے۔ یا سائل کو تنگی بحیالت بے تدبیاد بیدا ہوں اور زر بیفائدہ خرچ ہو۔

اگر آفتاب یعنی سورج سائل کو دوسری راس پر آوے

تو سائل کو خرچ ناحق ہو۔ یا سائل کو غم بکثرت ہو۔ اور پریشان حال رہے۔

اگر سائل کو سورج تیسری راس پر آوے

تو سائل کو محبت یا عاشقی کسی معشوق کی لگے۔ اور اُس کے عشق میں سرمست ہو جاوے اور خویشوں سے شادی دیکھے۔ یا خویشوں سے فائدہ اُٹھائے۔ یا خویش سائل پر مہربانی کریں۔ یا سائل کو سونا یا چاندی ہاتھ لگے۔

اگر سائل کو سورج اپنی راس سے چوتھی راس پر آوے

تو سائل کو طرح طرح کے تردد اور غم پیش آویں۔ اور زرِ نقد کا بیفائدہ خرچ ہو۔ یا سائل ایک مقام سے دوسرے مقام کی طرف نقل و حرکت کرے یعنی سفر درپیش ہو۔

اگر سائل کو سورج پانچویں راس میں آوے

تو سائل کو غیب سے دولت ملے۔ یا سائل کے گھر میں فرزند ہو۔ اور دوستوں یا خویشوں سے فائدہ ہو۔ یا ان میں شادی یا خوشی دیکھے۔ یا سائل کو امیروں سے فائدہ پہونچے۔ یا سائل کو ایک شخص کے وسیلہ سے بادشاہ کے گھر سے فائدہ حاصل ہووے

اگر سائل کو اپنی راس سے سورج چھٹی راس پر آوے

تو سائل کو کسی کام تجارت سے فائدہ ہو۔ اور زر نقد حاصل ہو۔ یا چہار پایان یا دیگر امورات سے سائل کو فائدہ ہو۔ اور دشمن سائل کے زیر دست اور مغلوب ہوں ؛

اگر سائل کو اپنی راس سے سورج ساتویں راس پر آوے

تو سائل کا خرچ زر نقد کا زیادہ ہو۔ یا کسی امر کا سائل کو غم اور فکر پہونچے۔ یا سائل کو کسی مال کے خرید و فروخت سے نقصان اور گھاٹا ہو۔ یا سائل کو کوئی مرض جسمانی پیدا ہو۔ یا سائل کو بیماری لوا سیر کی ہو۔ اور سائل کی اپنے دوستوں سے دشمنی بڑے یا مقدمہ یا کوئی تنازعہ باہم دوستوں اور سائل میں ہو۔

اگر سائل کو اپنی راس سے سورج آٹھویں راس پر آوے

تو سائل کو طرح طرح کے فکر پیش آویں۔ اور سائل کو رنج پہونچے۔ یا سائل کے دوستوں سے دشمنی یا فساد ہو۔ اور ان سے رنج دیکھے۔ یا سائل کا زر بہت خرچ ہو۔ یا سائل کی عورت کو بیماری بکھانسی بلغمی کی پیدا ہو یا سائل خود مبتلائے بیماری ہو۔

حکم آفتاب یعنی سورج کی نانویں راس کا

اگر سائل کو اپنی راس سے نانویں راس میں سورج آوے۔ تو سائل کو خوشی اور خرمی بہت ہو یا سائل کو نقد اور اسباب ہاتھ لگے اور دشمن سائل کے دور ہوں۔ اگر سائل کوئی بیماری رکھتا ہو۔ تو صحت حاصل ہو۔ اگر سائل کا کوئی چہار پایہ ہو۔ تو وہ بیمار ہو کر صحت پائے یا سائل کو کسی کام امیران یا بادشاہ کے لئے سفر پیش آوے جس سے

[illegible]

حکم سورج کی دسویں راس کا

اگر سائل کو آفتاب اپنی راس سے دسویں گھر میں آ جاوے تو سائل کو زر نقد ہاتھ لگے یا سائل کو صحت بدنی حاصل ہو یا سائل کا رتبہ بلند ہو اور سائل [illegible] اور سائل دشمنوں پر غالب رہے اور دشمن مغلوب ہوں

حکم سورج کی گیارھویں راس کا

اگر سائل کو اپنی راس سے آفتاب گیارھویں راس پر آوے تو سائل امیروں کا محبوب اور مقرب ہو جاوے نقد زر کہیں سے اوسکو ہاتھ لگے اور اس کو سائل [illegible] یا سائل کو [illegible] ایسا کام یا قدرت میسر ہووے جس سے سائل [illegible] یا سائل کا روزگار ترقی پر ہو اور سائل کے دشمن حسد اور مغلوب ہوں

حکم سورج کی بارھویں راس کا

اگر سائل کو اپنی راس سے آفتاب یعنی سورج بارھویں راس پر آوے تو سائل کو دشمنوں سے غم و الم پہونچے یا درد جسمانی سائل کو پہونچے یا سائل کا [illegible] خرچ ہو یا دشمن اس سے دشمنی کریں کہ جس سے [illegible]

احکام ستارہ زہرہ یعنی شکر کا بارہ راسوں میں

اگر سائل کو اپنی راس یعنی جنم [illegible] تو سائل کو بزرگوں سے [illegible] یا سائل کا کسی عورت سے [illegible]

[illegible] سائل کو زر نقد حاصل ہو۔ اگر سائل اپنی عورت رکھتا ہو وہ حاملہ ہو یا [illegible] پیدا ہو کہ جس سے سائل کو [illegible] اور سائل کے گھر میں فرزند نرینہ پیدا ہو یا لڑکی عورت کو کوئی بیماری رحم یا اسقاط حمل واقع ہو [illegible] اور دشمن سائل کے مغلوب یعنی زیر ہوں گے اور سائل ان پر غالب ہو یا سائل کو [illegible] راگ سنے اور عیش میں مستغرق ہونے کا موقع ملے ۔

حکم زہرہ یعنی شکر کی دوسری راس کا

اگر سائل کو زہرہ یعنی شکر اپنی راس سے دوسری راس میں آ جاوے تو سائل کو بہت عمدہ اور خوش مزا کھانے نصیب ہوں۔ یا سائل کو خرید و فروخت سے نفع حاصل ہو۔ دشمن سائل کے مغلوب ہوں۔ یا سائل کا رتبہ جہان میں بلند ہو۔ یا سائل بہادروں اور [illegible] سے [illegible] اٹھاوے۔ یا سائل عطر کو فروخت کرے۔ یا خرید کرے ۔

حکم زہرہ یعنی شکر کی تیسری راس کا

اگر سائل کو اپنی راس سے زہرہ تیسری راس پر آ جاوے تو سائل اپنے خویشوں سے شادی دیکھے اور سائل اپنے خویشوں پر مہربانی کرے۔ یا سائل کو سفر سے نفع حاصل ہو۔ یا سائل بزرگوں سے مال و زر حاصل کرے۔ یا خلائق میں سائل عزیز ہو اور سائل کے دشمن مغلوب یعنی زیر دست ہوں۔ یا سائل گانا بجانا اور عشرت دیکھے ۔

حکم زہرہ یا شکر کی چوتھی راس کا

اگر سائل کو اپنی راس سے زہرہ چوتھی راس میں ہو۔ تو سائل کو نعمت ملے جس سے اوسکو نہایت خوشی پہونچے۔ یا سائل کو غیب سے خبر ناخوش آوے جس سے وہ غمناک ہو۔ یا سائل کو بزرگی حاصل ہو۔ جس سے اس کے عاقبت کے کام عمدہ ہوں۔ یا سائل

یا نور افشاں یا مومان غیب یا فرزندان سے اگر رکھتا ہو۔ خوشی اور شادی حاصل ہو۔ یا سائل
کو کسی مکان یا زمین سے خوشی اور فائدہ حاصل ہو۔ اگر عورت رکھتا ہے۔ اور وہ حاملہ ہو
تو اس کے گھر میں فرزند پیدا ہو۔ مگر سائل اس سے محروم ہو جائے۔ یا سائل اہل نشاط سے
دوستی حاصل کرے۔ یا سائل مجلس عیش و عشرت کی جمع کرے۔ اگر سائل نجوم اور
ذکر کا رکھتا ہو۔ تو وہ سائل کی عزت اور تعریف کریں ۔

حکم زہرہ یعنی شکر کی بارھویں راس کا

اگر سائل کو زہرہ یعنی شکر بارھویں راس پر آوے۔ تو سائل کا مقدر یا [illegible]
کے پیدا ہو۔ اور دشمن سائل پر غالب آویں۔ اور سائل مغلوب ہو رہے یا رہجاوے۔ اگر [illegible]
پر ہو جائے۔ تو اس سے سائل تنگ آوے۔ یا سائل کو بیکاری یا زیادتی خرچ اخراجات تنگ کر
یا وہ چشماں یا [illegible] اور تپ سائل کو تنگ کرے۔ یا سائل بیماری سے قریب
المرگ ہو کر بچے اور سائل صدقہ و خیرات کرے۔ کہ تمام آفتوں کی یہ ڈھال ہے ۔

حکم عطارد یعنی بدھ کی پہلی راس کا

اگر سائل کو اپنی راس میں عطارد آوے۔ تو سائل کو بدنی قوت اور تندرستی ہوگی یا کشودگی
روزگار ہوگی۔ یا خلائق میں سائل مشہور اور نامور ہو۔ یا کسی طرف سے نام سائل کو سرزمر
کہ باعث ترقی عزت اور حرمت سائل کا ہو ۔

حکم عطارد یعنی بدھ کی دوسری راس کا

اگر سائل کی اپنی راس سے عطارد دوسری راس پر ہو تو سائل فقیروں اور عالموں اور
فاضلوں کی ملاقات کرے یا سائل کے ہاتھ میں دولت غیب سے آوے اور سائل بزرگوں سے
راحت اور خوشی دیکھے یا کوئی سائل ایسا کام کرے۔ کہ جس سے وہ دنیا میں مشہور ہو اور نیکنام ہو اور سائل کا

اندیشہ اور غم دور ہو۔ اور سائل کو اتفاق سفر کا پڑے۔ تو سفر سے فائدہ اٹھاوے ۔

حکم عطارد یا بدھ کی تیسری راس کا

اگر سائل کو اپنی راس سے عطارد تیسری راس پر آوے۔ تو سائل بزرگوں سے خوشی دیکھے
یا ان سے کوئی جائداد یا شے ملے۔ یا سائل اگر فرزند رکھتا ہو۔ تو اس کی خوشی اور شادی
دیکھے یا اپنے خویشوں سے شادی دیکھے۔ اور سائل کو کوئی بدنی بیماری ابھی پیدا ہو
جس سے وہ کچھ غم اور زندگی اور موت کا کرے ۔

حکم عطارد یعنی بدھ کی چوتھی راس کا

اگر سائل کو عطارد یعنی بدھ اپنی راس سے چوتھی راس پر آوے۔ تو سائل کو صحت ملتی
ہو۔ اور بزرگوں سے عزت اور حرمت دیکھے۔ یا سائل کوئی جگہ مثل باغ یا مدرسہ یا مسجد یا
ٹھاکردوارہ یا سمادھ وغیرہ از این قسم کی تعمیر کرائے۔ جس سے اوسکو عزت ہو۔ یا سائل
کو زر نقد ملے۔ اور سائل کو بیماری جسمانی پیدا ہو ۔

حکم عطارد یعنی بدھ کی پانچویں راس کا

اگر سائل کو اپنی راس سے عطارد پانچویں راس پر ہو۔ تو سائل درویشوں یا فقیروں یا
بزرگوں کے ساتھ ملاقات کرے۔ یا سائل کو اپنی معشوق یا فرزند سے تحفہ چیز ملے
جس سے کمال خوشی ہو۔ یا سائل فرزندوں کی شادی دیکھے۔ یا سائل کو بزرگوں اور
امیروں سے مال و زر ہاتھ آوے۔ یا سائل کو توشتہ و فوائد سے فائدہ حاصل
ہووے۔ اور خط خطوط کسی طرف کے لکھنے کی تحریر ہو ۔

کو اہل نشاط اور گانے بجانے والوں اور فاحشہ عورتوں سے صحبت پیدا ہو اور سائل عیش
و عشرت میں دولت خرچ کر کے مفلس ہو جاوے۔

حکم زہرہ یعنی شکر کی پانچویں راس کا

اگر سائل کو زہرہ اپنی راس سے پانچویں راس پر آوے۔ تو سائل کے دشمن پریشان ہوں اور
دور رہیں گے۔ یا سائل کو عمدہ خلعت اور پوشاک یا زر نقد مردمان غیب سے ملے۔ یا دور دراز
سے اوس کو زر نقد حاصل ہو۔ اگر سائل دوست یا فرزند رکھتا ہو۔ تو ان سے خوشی اور شادی
دیکھے۔ یا سائل کی حرمت اور عزت زیادہ ہو۔

حکم زہرہ یعنی شکر کی چھٹی راس کا

اگر سائل کو اپنی راس سے زہرہ چھٹی راس پر ہو۔ تو سائل کے دشمن اور بدگو زیادہ ہونگے اور سائل
پر کسی مقدمہ یا تنازعہ ہونے پر غالب آوینگے۔ یا سائل اگر چہار پائے رکھتا ہو۔ تو ان سے
نقصان پہنچے۔ یا سائل کو دوستوں یا امیروں سے خوف و خطرہ پہنچے۔ یا سائل کو کوئی
بدنی بیماری پیدا ہو۔

حکم زہرہ یعنی شکر کی ساتویں راس کا

اگر سائل کو اپنی راس سے زہرہ ساتویں راس پر ہو۔ تو سائل کی کسی عورت سے شادی ہو یا
کسی عورت سے اوس کی دوستی ہو۔ یا اپنی عورت سے اگر رکھتا ہو۔ عیش کرے اور عورت حاملہ
ہو۔ یا عورت کو کوئی بیماری رحم کی ہو۔ تو بحکم الٰہی اس کے گھر میں لڑکا پیدا ہو۔ اور بعد چند
روز کے مر جاوے۔ یا سائل کو بزرگوں یا کسی غیب شخص سے خبر خوش پہونچے
اور سائل کے دشمن دور ہوں۔

حکم زہرہ یعنی شکر کی آٹھویں راس کا

اگر سائل کو اپنی راس سے زہرہ آٹھویں پر ہو۔ تو سائل کے دشمن زیادہ ہوں اور
مقدمہ یا کسی تنازعہ سے سائل پر غالب آویں۔ یا سائل کو بیماری پیدا ہو۔ اور بیماری
سے سائل غمناک ہو۔

حکم زہرہ یعنی شکر کی نانویں راس کا

اگر سائل کو زہرہ نانویں راس پر اپنی راس سے آوے۔ تو سائل شرائط مذہبی اپنی بخوبی
انجام دے۔ یا مردمان نیک سے اوس کی دوستی ہو۔ یا سائل کو علم کی طرف شوق ہو۔ یا
سائل گانے بجانے والے آدمیوں سے دوستی پیدا کرے۔ یا کسی سے سائل کو تحفے
اور پارچات پوشیدنی حاصل ہوں۔ اگر سائل کو سفر پڑے۔ تو مبارک اور نیک ہو
جس سے فائدہ حاصل ہو۔

حکم زہرہ یعنی شکر کی دسویں راس کا

اگر سائل کو زہرہ دسویں راس پر اپنی راس سے آوے۔ تو سائل کو کاروبار یا شغل اور
بادشاہی کام میں فائدہ ہو۔ اور خوشی اور سرور حاصل ہو۔ یا اہل راگ رنگ یعنی گانے
بجانے والے اس کے دوست بنجاویں۔ یا سائل عاشقانہ شعروں میں مشغول ہو اور
گھر کے صاحب سائل پر مہربانی کریں۔

حکم زہرہ یعنی شکر کی گیارہویں راس کا

اگر سائل کو زہرہ گیارہویں گھر اپنی راس سے آوے۔ تو سائل کو امیروں سے اور دوستوں

حکم قمر یعنی چاند کی دوسری راس کا

اگر سائل کو اپنی راس سے چاند دوسری راس پر آوے تو سائل کو دولت یا [illegible] حاصل ہو [illegible] دوستوں سے سائل شادی دیکھے۔ اگر سائل سفر کرے تو [illegible]

حکم قمر یعنی چاند کی تیسری راس کا

اگر سائل کو چاند تیسری راس پر آوے تو سائل کے دشمن دور ہوں۔ اور [illegible] ہے۔ یا اس کے گھر میں برکت ہو اور سائل طعام عمدہ کھاوے یا سائل کے ہاتھ [illegible] آوے یا سائل دوستوں سے یا برادران سے خوشی اور راحت دیکھے۔

حکم قمر یعنی چاند کی چوتھی راس کا

اگر سائل کو چاند چوتھی راس پر آوے۔ تو سائل عورتوں اور مردوں سے لڑائی فساد کرے۔ یا اوس کے گھر میں آگ لگے۔ یا چور اس کے گھر میں چوری کریں۔ اور سائل کا مال نقصان ہو۔ یا غم عظیم ہووے۔

حکم قمر یعنی چاند کی پانچویں راس کا

اگر سائل کو اپنی راس سے چاند پانچویں راس پر آوے۔ تو سائل کو غیب سے زر نقد ملے یا سائل کے گھر کوئی عزیز مہمان ہو۔ یا دوستوں اور فرزندوں سے سائل کو خوشی حاصل ہو۔ یا سائل کو کوئی تحفہ کسی جگہ سے عطا ہووے۔

حکم قمر یعنی چاند کی چھٹی راس کا

اگر سائل کو اپنی راس سے چاند چھٹی راس پر آوے۔ تو سائل کو بزرگوں اور امیروں

سے روزگار یا منفعت حاصل ہو۔ یا سائل کو زر ہاتھ لگے۔ یا سائل کو نیا لباس ملے۔ یا سائل کو اگر عورت یا غلام رکھنا ہو۔ تو اس سے خوشی حاصل ہو۔

حکم قمر یعنی چاند کی ساتویں راس کا

اگر سائل کو اپنی راس سے چاند ساتویں راس پر آوے۔ تو سائل کو بادشاہ کے گھر سے عزت اور رفع حاصل ہو۔ یا سائل کو زر نقد ہاتھ لگے۔ یا سائل عزیزوں یا مہمانوں [illegible] سے خوشی دیکھے۔ یا سائل کا کوئی مقصد یا تمنا بر آوے فتح ہو۔ اور سائل طعام لذیذ کھاوے۔

حکم قمر یعنی چاند کی آٹھویں راس کا

اگر سائل کو اپنی راس سے چاند آٹھویں راس پر ہو۔ تو سائل کو درد شکم و درد چشم کی ہو۔ یا دشمنوں سے سائل کو غم پہنچے۔ یا سائل کو بابت کسی وراثت یا تنازعہ کا [illegible] زحمت پیدا ہو۔ مگر جلد فرو ہو جاوے۔ سائل کو سانپ یا بچھو یا [illegible] کے جانوران زہرناک سے پرہیز کرنا چاہیے۔ کہ خطرہ ہے۔ اغلب ہے کہ اس کو کاٹے

حکم قمر یعنی چاند کی نویں راس کا

اگر سائل کو چاند نویں راس پر ہو۔ تو سائل کو اہل اسلام کی طرف سے یا بعض مردمان اہل مذہب کی طرف سے کوئی امانت سپرد ہو۔ یا کوئی کام سپرد ہو۔ یا سائل اپنے گھر میں یا کسی اہل برادران کے گھر میں شادی دیکھے۔ تو سائل کو زر ہاتھ لگے لیکن سائل کو نقصان زیادہ ہو

حکم قمر یعنی چاند کی دسویں راس کا

اگر سائل کو چاند دسویں گھر یعنی راس میں آوے۔ تو سائل کو بزرگوں سے دولت ملے۔

حکم عطارد یعنی بُدھ کی چھٹی راس کا

اگر سائل کو اپنی راس سے عطارد چھٹی راس پر آوے۔ تو سائل کو دشمنوں سے پرہیز کرنا چاہئے کیونکہ خدشہ ہو۔ کہ سائل کو اُن سے کوئی صدمہ یا رنج سخت پہونچے۔ یا سائل بیمار ہو۔ یا سائل کو دشمن جادو کرینگے۔ یا سائل کی عورت کسی جرم میں قید ہو۔ اور سائل کا خرچ زیادہ ہو۔ یا سائل کو برادران سے دشمنی پیدا ہو٭

حکم عطارد یعنی بُدھ کی ساتویں راس کا

اگر سائل کو اپنی راس سے عطارد ساتویں راس پر آوے تو سائل کو غم اور اندوہ پہونچے یا سائل کو کوئی چوٹ یا ضرب شدید لگے۔ یا نقصان مال ہو۔ یا سائل کو زیادہ خرچ درپیش آوے دولت تباہ ہو۔ زیر بار قرض ہو۔ یا سائل کو کوئی ناحق تہمت لگے٭

حکم عطارد یعنی بدھ کی آٹھویں راس کا

اگر سائل کو اپنی راس سے عطارد آٹھویں راس پر آوے۔ تو سائل کو بادشاہوں یا راجوں یا امیروں کے گھر سے یا دیگر مردمان کے گھر سے غم اور رنج اور تکلیف پہونچے۔ یا اگر کوئی مقدمہ یا تنازعہ ہو تو دشمن سائل پر غالب آویں۔ یا سائل خبر ناخوش یا رنجیدہ از فرزندان یا غائب سے سُنے۔ یا سائل کے گھر میں بیماری ہو۔ یا کوئی موت واقعہ ہو٭

حکم عطارد یعنی بُدھ کی نویں راس کا

اگر سائل کو اپنی راس سے عطارد نویں راس پر ہو۔ تو سائل کو غیب سے یا اپنے فرزند سے [illegible] یا سائل کو لباس عمدہ یا زر نقد ہاتھ آوے یا سائل کے [illegible] دشمن دور ہوں۔

شادی ہو۔ یا سائل کو سفر ساتھ فائدہ کے ہو یا غیب سے سائل کو خوش خبر آوے اور سائل کی عزت اور حرمت بڑھے۔ یا سائل نرگاوان کو خرید کرکے اُن سے فائدہ اُٹھائے٭

حکم عطارد یعنی بُدھ کی دسویں راس کا

اگر سائل کو عطارد اپنی راس سے دسویں راس پر آوے۔ تو سائل کو سرداروں اور دوستوں سے شادی دولت حاصل ہو۔ یا سائل کی عزت اور حرمت اور مرتبہ بلند ہو۔ یا سائل علم و شغل سے یا جاگیر اور انعام پاوے یا اگر سائل کی عورت حاملہ ہو تو اوسکو فرزند پیدا ہو٭ ..... کے گھر سے

حکم عطارد یعنی بُدھ کی گیارہویں راس کا

اگر سائل کو اپنی راس سے عطارد گیارہویں راس پر ہو۔ تو سائل کو دوستوں اور امیروں سے خوشی اور خرمی پہونچے۔ اور کام سائل کے جو درپیش ہوں۔ انجام کو پہونچیں۔ اور ان سے فائدہ ہو۔ اور زر ہاتھ لگے٭

حکم عطارد یعنی بُدھ کی بارہویں راس کا

اگر سائل کو اپنی راس سے عطارد بارہویں راس پر ہو۔ تو سائل کو دشمنوں سے غم پہونچے یا اس کے چارپائے اگر رکھتا ہو۔ مرجاویں۔ اور انکا غم پہونچے۔ یا سائل کو کوئی عارضہ لاحق ہو۔ جس سے سائل سُست اور فکرمند ہو٭

حکم قمر یعنی چاند کی پہلی راس کا

اگر سائل کو چاند اپنی راس میں آوے تو سائل کے بدن کی قوت زیادہ ہو۔ اور اگر بیماری رکھتا ہو تو وہ دور ہو جاوے۔ یا سائل کو کسی جگہ سے کوئی مال یا زر نقد ملے جس کی اُسکو اُمید نہ ہو۔

یا سائل کو اتفاق علم پڑھنے یا کسی حساب کتاب کے دیکھنے کا ہو۔ یا سائل کی عزت زیادہ ہو۔ اگر سائل عورت اپنے گھر رکھتا ہو تو وہ حاملہ ہو۔ اور اس کے فرزند پیدا ہو۔ اگر سائل کی عورت نہ ہو۔ تو سائل کی دوست آشنا عورت سے فرزند پیدا ہو۔

حکم قمر یعنی چاند کی گیارہویں راس کا

اگر سائل کو چاند گیارہویں راس پر ہو۔ تو سائل کو سرداروں اور دوستوں سے یا فروخت سے نفع حاصل ہو۔ اور خوشی پہونچے۔ یا عورتوں سے سائل خوشی دیکھے۔ اور اہل نشاط سے رغبت رہے۔

حکم قمر یعنی چاند کی بارھویں راس کا

اگر سائل کو قمر یعنی چاند بارھویں راس پر آوے تو سائل کو چارپایان سے نقصان پہونچے۔ یا سائل کا کسی بیہودہ کام ... پر زر زیادہ خرچ ہو۔ یا دشمن اس کے غالب رہیں۔ یا سائل کو بدنی بیماری پہونچے۔ جس سے رنج ہو۔ یا سائل کو کسی دشمن سے ضرب اور چوٹ لگے۔

حکم پہلی راس راہو کا

اگر سائل کو راہو اپنی راس میں آوے۔ تو سائل کو بیماری آوے۔ یا دوست اس کے دشمن ہو جائیں۔ یا دشمن زیادہ ہوں۔ یا کوئی رنج اور غم پہونچے۔

حکم دوسری راس راہو کا

اگر سائل کو راہو اپنی راس سے دوسری راس پر آوے۔ تو سائل کو زیادتی خرچ کی تنگ کرے۔ یا سائل کو سر درد یا درد جسمانی پہونچے۔ یا دشمنوں سے سائل کو رنج پہونچے

گرفتار رہیگا۔ اور ایک عورت کی اوسکو تہمت لگیگی جس سے وہ بدنام ہوگا۔ یا قید
ہوگا۔ اگر اس کی ایک عورت فوت ہو۔ یا اوسکو طلاق ہو تو دوسرا نکاح کریگا۔ اور عورت
کے قریب سے اوسکو غم اور خطرہ پڑیگا اوسکو ہوشیار رہنا چاہیے۔ خانہ مرگ اسکا
قوس ہے۔ اوسکو خطرہ درخت اور آب بزرگ اور آگ سے ہوگا۔ اون سے پرہیز
رکھے۔ ورنہ موت واقعہ ہوگی۔ اور اسکو بیماری خناق اور درد شکم ہوگی۔ اس سے بھی
حیات کا خطرہ ہوگا۔ خانہ سفر اسکا برج جدی ہے۔ سفر جانب جنوب اوسکو
نیک اور مبارک ہوگا مگر اسکو سفر بروز شنبہ یعنی سنیچر۔ سوموار کا اچھا ہوگا۔ اور چاند
تو دیکھے۔ تو طفل نابالغ کو دیکھے۔ وہ ماہ مبارک ہوگا۔ بادشاہ کا خانہ اس کو برج دلو ہے
بادشاہ کی عدالت سے اوسکو خطرہ ہے۔ یا اوس سے غم پہونچیگا۔ یا وہ قید خانہ میں
جاویگا۔ اوسکو چاہیے کہ جہانتک ہو۔ عدالت تک جانے سے پرہیز کرے۔ اور اوسکو
بزرگوں کی خدمت کرنے سے کچھ فائدہ نہ ہوگا۔ امید کا خانہ اوسکو حوت ہے بعض اوسکی
امیدیں پوری ہونگی۔ اور بعض نہ ہونگی۔ اور اس کے دشمن پریشان اور سرگردان رہیں
گے۔ اس کی زندگی کا خطرہ پہلے سال میں اور ساتویں سال میں اور چالیسویں سال
میں ہوگا۔ جب ان خطروں سے بچیگا۔ تو اوس کی عمر نوے سال اور شش ماہ
اور ایک ہفتہ اور چار ساعت ہوگی۔ واللہ اعلم بالصواب۔

جنم پتری طالع لگن عورت برج ثور

جس عورت کی لگن ہو جب طالع مذکورہ کے برج ثور کا معلوم ہو اوس عورت کی

جنم پتری یہ ہے۔ کہ وہ خوش شکل اور خوب سیرت اور بہادر تیز فہم اور محنت کش
اور حریص مردان اور مردان کو محبت کرنے والی اور نیک خو اور خوش دل اور فراخ [illegible]
اور دولتمند ہو۔ اور رنگ سرخ سفید کشادہ ابرو سبز رنگ چشم اور اوسکو سال [illegible]
سے گا وکا سال اور ماہ صفر اور روز جمعہ اوسکو مبارک ہو۔ اور جو کام ان ایام میں
کریگی۔ نیک ہونگے۔ جیسے چاند تو دیکھے۔ تو دختر نابالغ کو دیکھے۔ تا نیک [illegible]
اپنے دل کا بھید کسی سے نہ کہے۔ اگر کہے۔ تو خراب ہو اور بدنام ہوگی۔ خانہ زندگی
اس کا برج ثور ہے۔ زندگی اوسکی عمدہ خوشی سے گزرے۔ اور تہمت سے [illegible]
ہو۔ اور کسی آدمی سے بہت غم والم دیکھے۔ مگر کسی [illegible]
اور خویشان اوسکا سرطان ہے۔ وہ [illegible]۔ خانہ والدین اسکا اسد
ان سے کچھ نیکی نہ دیکھے۔ نہ اون سے ورثہ پاوے۔ خانہ فرزندان اوسکا برج سنبلہ
ہے۔ فرزندان اور دختران کا غم دیکھے۔ اور ایک فرزند سے دولت اور عزت
دیکھے۔ خانہ بیماری اوسکا برج میزان ہے۔ [illegible]
اور اس کے اعضا میں [illegible] پیدا ہو۔ [illegible]
درد پستان اور مرض رحم پیدا ہو۔ [illegible]
نکاح اسکا برج عقرب ہے۔ دو نکاح کریگی [illegible]
مرگ اس کی درد شکم اور رحم سے ہو۔ یا طفل پیدا ہونے سے مریگی [illegible]
خارش رحم سے اوسکو خوف کرنا چاہیے۔ خانہ سفر اس کا [illegible]
مبارک ہو۔ خانہ [illegible] اوسکا [illegible] ہے۔ دوستی [illegible]
خانہ خطرہ اس کا حمل ہے [illegible]
گھر دشمنوں کا اوسکو برج حمل [illegible]
کریں۔ خطرہ زندگانی اوسکو پہلے سال [illegible]

دیکھے گا۔ اور ایک خویش سے فائدہ دیکھیگا۔ خانۂ والدین یعنی ماں باپ کا اُس کو
سُنبلہ ہے۔ والدین سے وفاداری دیکھیگا۔ اور اُن کی تھوڑی وراثت حاصل کریگا۔
خانۂ فرزندان اُسکا بُرج میزان ہے۔ بیٹوں سے دولت اور عزت دیکھیگا۔ خانۂ دولت
اُسکا بُرج سرطان ہے۔ سوداگری اُسکو نفع دیگی۔ اور دولت روز ترقی کریگی۔ اور بادشاہ کے
گھر اور امیروں کے آگے عزت اور مرتبہ زیادہ ہو۔ خانہ اُسکی بیماری کا بُرج عقرب ہے۔ بیماری
کے پیشتر اوسکو دیو پری سے آفت پہنچیگی۔ مرض بادی اوس کے جوڑوں میں پیدا ہوگی
کبھی خوش ہو جاوے اور کبھی ناخوش رہے۔ تعویذ ذیل وہ اپنے پاس رکھے تاکہ ہر بلا سے
آرام رہے۔ خانہ عورتوں کا اوسکو قوس ہے۔ عورتوں کے ساتھ زیادہ محبت اور رغبت
رکھے گا۔ اور عشق سے خالی نہ ہوگا۔ اگر ایک عورت نہ رہے۔ تو دوسرا نکاح اور کریگا۔ اور عورتیں
اس کے ساتھ دغا اور فریب کریں۔ اور عورتوں کے فریب اور مکر سے خوف پہنچیگا۔ اور
اُس کے خوف کا گھر جدی ہے۔ تین آدمیوں سے اوسکو خوف جان ہے۔ ایک
سپاہی۔ دوسرا اہلازم خود۔ اور تیسرا عورت سے اور دیگر خوف آگ سے ہے۔ اُن سے
ہوشیار اور خبردار رہنا چاہیئے۔ خانہ سفر اُس کا بُرج دلو ہے۔ سفر اوسکو مغرب کی
طرف کا فائدہ مند ہو۔ اور خانہ بزرگان اور سلطان اُسکا حوت ہے۔ اُن سے فائدہ
دیکھیگا۔ لیکن اُس کے حق میں لوگ چغل بازی کرینگے۔ مگر کوئی ایذا نہ پہنچیگی اور اُس
کی امید کا گھر حمل ہے اُس کی امید بموجب طالع کے پوری ہوگی۔ اور دوستوں اور عزیزوں
سے خوشی اور شادی دیکھیگا۔ اور آخر عمر میں دولت بہت حاصل کرے۔ اور اس کے
کام نیک ہوں۔ اور دولت اُس کی تعمیر کرنے مکانات پر یا باغ یا زمین اور
زراعت پر خرچ ہو۔ اس جائیداد سے فائدہ ہو۔ اُس کے دشمنوں کا گھر ثور ہے
دشمن سے اوسکی پرہیز کرنا چاہیئے۔ کہ فریب اور تہمت لگاوینگے۔ خطرہ جان اسکو پہلے سال اور چالیسویں
سال میں ہو۔ جب اُن خطروں سے بچے۔ تو اَسّی برس اور پانچ ماہ اور تین ہفتہ اور تیس روز اور عمر پاوے

کی عمر ہو۔ واللہ اعلم بالصواب۔

جنم پتری طالع لگن عورت اس کا برج جوزا ہو

جس عورت کی لگن بموجب طریقہ مذکورۃ الصدر کے برج جوزا کی [illegible]
ہے کہ اُسکا قد و قامت درمیانہ ہو خوش شکل اور [illegible]
اُن سے نیکی دیکھے۔ اوسکی طبیعت سرد خشک ہوگی اس [illegible]
اور ماہ ربیع الاول اور روزوں سے جمعرات اور [illegible]
کرے۔ مبارک اور نیک ہو۔ اگر نیا چاند دیکھے تو [illegible]
اوس کی زندگی کا خانہ جوزا ہے۔ عمر اوسکی [illegible]
خویشاں اور کا اسد ہے۔ اُن سے خوشی اور شادی [illegible]
والدین اُس کا سُنبلہ ہے۔ اُن سے وفا دیکھے [illegible]
کرے۔ خانہ اوسکی اولاد کا بُرج میزان ہے [illegible]
ہوں۔ اونکی شادی دیکھے۔ اور اُن سے [illegible]
اور بے تعویذ رہنے سے اُسکو پریوں سے آفت [illegible]
ہو۔ بعد اس بیماری کے اولاد پیدا کم ہو [illegible]
ملتفت ہوں لیکن اُسکو صدقہ دینا چاہیئے [illegible]
سے تحریر کرکے اسم اعظم اوسکو پینا چاہیئے [illegible]
صحت ہوگی۔ خانہ نکاح اوس کا قوس ہے [illegible]
ایذا پہونچے۔ اوسکو بلا تعویذ کے نہ رہنا چاہیے [illegible]
سال کے خطرہ جان ہو۔ مگر جلدی رفع ہو۔ اور [illegible]
اس سے اسکو پرہیز کرنا چاہیئے۔ خانہ سفر [illegible]
مند نہ ہوگا۔ سفر میں اوسکو خطرہ سخت [illegible]

حوت ہے۔ بزرگ عورت سے اوسکو دولت اور نفع پہونچے۔ خانہ امید اوسکا برج حمل
ہے۔ امید اوسکی بعض پوری ہوں۔ اور اُسکو چاہیے۔ کہ ایک شخص بلند قد اور سیاہ رنگ سے
پرہیز کرے۔ خانہ دشمنوں کا اسکو برج ثور ہے۔ ایک عورت کوتاہ قد سیاہ فام سے اسکو خطرہ
اور نقصان عظیم پہونچے خطرہ موت اُسکو بیچ دو سال اور پچیس سال کے ہو۔ جیسا ان
خطروں سے بچے۔ عمر طبعی اوس کی اسّی سال آٹھ ماہ تین روز آٹھ ساعت ہو۔ واللہ اعلم
بالصواب ؂

دیونامہ حضرت سلیمان علیہ السلام برج جوزا

حضرت سلیمان علیہ السلام نے فرمایا۔ کہ دیونامہ طالع جوزا حاضر کرو۔ فوراً حاضر کیا گیا
معہ دیو کے اوس کے دو سر تھے۔ ایک مانند ہرن کے۔ دوسرا مانند آدم کے۔ اور پاؤں
مانند مادہ گاؤ کے۔ بدن مانند اژدہا خونخوار کے۔ حضرت نے فرمایا۔ کہ اے ملعون تیرا کیا نام
ہے؟ اور تو کہاں رہتا ہے؟۔ دیو نے کہا۔ کہ میرا نام النفیس ہے۔ اور مقام بیچ حمام ویران
اور قبرستان اور درختوں کے نیچے اور دریا کے کنارے پر اور ویرانہ مکانات میں جو شخص
کہ وہاں جاتا ہے اور وہ اللہ تعالیٰ کا نام زبان پر نہیں لاتا۔ تو میں اوسکو آفت سخت
پہونچاتا ہوں۔ علامت آفت کی یہ ہے۔ کہ سر اور آنکھ اُس کی درد کرے۔ اور اُسکی اندرونی
درد اور ہو بیدا اور ہاتھ پاؤں کی ہوتی ہے۔ اور اُس کے دل اور جگر کو میں ضعیف کرتا
ہوں۔ زندگانی سے تنگ کرتا ہوں۔ حضرت سلیمان علیہ السلام نے فرمایا۔ کہ علاج اُس
کا کیا ہے۔ دیو نے کہا۔ ایک سیاہ بکرا صدقہ دیوے۔ اگر غریب ہو۔ مرغ کالا دیوے
اور ایک من یا ایک سیر آٹا۔ اور ایک من ماش سیاہ یا ایک سیر اور نمک ایک سیر یا
ایک پاؤ اور کپڑا مریض کا صدقہ دیوے۔ اور تعویذ متبرک کو ساتھ کستوری اور زعفران
کے تحریر کرا کر ایک مریض کی گردن میں ڈالے۔ اور ایک مریض کو عرق گلاب
میں دھو کر ہر روز پلاوے۔ خدا تعالیٰ اوس کو صحت بخشے گا۔ جسکی اشتر بیچ برج

حمل میں ہو چکی ہے۔ اور تعویذ متبرک یہ ہے ؂

۶:	۲:	۷:
۴:	۶:	۸:
۵:	۱۰:	۳:

جنم پتری مرد لگن۔ برج سرطان ؂

ھ بارہواں ہفت آسمان برج سرطان یا کرک راس یا ماہ ساون مزاج آبی شمالی
سرد تر رنگ سفید نباتی شکل کیکڑا۔ خانہ قمر شرف مشتری ۱۵ درجہ پر ہبوط مریخ وبال زحل
ورگ خرگوش حروف متعلقہ راس ہ ہو ہی ڈ ح نچھتر متعلقہ پنربس اور پکھ اور اسلیکھا۔
جس آدمی کی لگن بموجب طریقہ نکالنے لگن ہذا کے یہ لگن برج سرطان کی نکلے۔ تو جنم پتری
اوس کی یہ ہے۔ کہ وہ شخص نیک شکل اور خوبصورت اور قد میانہ۔ یا بلند ہو۔ ساتھ
امیروں کے دوستی رکھے اور دل بیقرار ہو۔ اور با ہمت اور زبان اوس کی تیز اور خوش
دل ہو۔ اور عیش و عشرت کو عزیز رکھے۔ کبھی تنگ دست اور کبھی نعمت اور مال رکھے۔ اور
شروع چاند اور تاریخ پندرہویں چاند کی جو کام شروع کرے۔ مبارک اور سازوار
ہو۔ اور خوشیوں سے روزی مند ہو۔ اور سال ترکان سال خرگوش اور مہینوں
سے ماہ ربیع الاوّل اور دنوں میں سے دن بدھ اسکو مبارک ہو۔ جو کام کہ ان ایام
میں کرے۔ نیک گذرے۔ اگر کسی سے حاجت چاہے۔ تو بدست راست یعنی دائیں ہاتھ
بیٹھے۔ تاکہ حاجت پوری ہو۔ اگر نیا چاند دیکھے۔ تو نابالغ لڑکی کے منہ کو دیکھے۔ خانہ
حیات اوسکا برج سرطان ہے۔ زندگی دراز ہو۔ خانہ مال اُس کا برج اسد ہے۔
مال اُس کے ہاتھ میں نہ ٹھیرے۔ لیکن محتاج کبھی نہ ہو۔ خانہ برادران اور خویشان اوسکا برج
سنبلہ ہے۔ اُن سے روزی حاصل کرے۔ اور جس کے ساتھ نیکی کرے۔ وہ اُس کا

زراعت اور خوار رہنیا ہوں۔ جو شخص کہ وہاں آتا ہے بعد خدا تعالیٰ کے مجھ سے ہی لیتا
میں اوسکو تکلیف دیتا ہوں۔ علامت آفت میری کی یہ ہے۔ کہ مریض کے موجب ہیں
درد ہو اور دل اور جگر کو میں ضعیف کرتا ہوں۔ اور تیلی میں درد پیدا کرتا ہوں۔
حضرت نے فرمایا۔ علاج اس کا کیا ہے۔ بولی کہ ہو وکپڑے سیاہ اور چیاول اور آٹا
اگر غریب ہو۔ تو دو مرغ سیاہ دو سیر آٹا۔ ایک سیر نمک اور ایک کپڑا مریض کا
اور عود جلاوے۔ اور ایک چراغ اور ایک جھنڈی پچہرنی قبرستان پر رکھے اور یہ
تعویذ متبرک گلاب اور کیسر سے لکھ کر مریض کی
گردن میں لٹکاوے۔ استاد جبکی برج حمل کے
آخر میں تحریر ہو چکی ہیں۔ تعویذ متبرک یہ ہے

۹:	۲:	۷:
۴:	۶:	۸:
۵:	۱۰:	۳:

نمبر 5 جنم پتری لگن برج اسد برائے مرد

حصہ بارھواں سات آسمانوں کا برج اسد راس سنگھ یا ماہ بہادروں آتشی مشرقی گرم
خشک رنگ سرخ خانہ شمس وبال زحل اوج مریخ ورگ شیر۔ حروف متعلقہ را بام می
موٹ ماٹی ٹو ماتا۔ نچھتر متعلقہ راس ہذا مگھان۔ پوربا پھالگنی اوترا پھالگنی۔
جس آدمی کی لگن بموجب طریقہ مذکورۃ الصدر کے برج اسد نکلے۔ اس کی جنم پتری
یہ ہے۔ کہ وہ چنداں خوبصورت نہ ہو۔ مگر مزاج اس کی نیک ہو۔ اور دلاور اور بہادر
اور بزرگ ہمت ہو۔ اور روزی فراخ پاوے۔ یا تجارت یا نوکری سے کہ جو کام
زمین سے تعلق رکھتا ہو۔ نیک ہو۔ اور فائدہ دفینہ سے دیکھے۔ یعنی زمین کو
سے اس کو زر ہاتھ آوے۔ یا دولتمندوں سے دوستی رکھے۔ اور حاکموں
کے نزدیک عزیز ہو۔ صاحب اس طالع کا تیز طبع اور جلدی ہر کام کرنے
والا اور دلیر ہو۔ اور دولت اور مال کا لالچی ہو۔ بد نظر اوسکو نقصان پہنچاوے

اللہ تعالیٰ کا نام اپنے پاس رکھے تاکہ محفوظ اور بچا رہے۔ اور مال و دولت اوس کی
حق حلال کی وجہ سے پیدا ہو۔ مکر اور فریب نہ کرے۔ نہ جھوٹھ بولے۔ طبع اوس کی گرم خشک
ہو۔ اگر کسی سے حاجت چاہے۔ تو اس کی دائیں طرف بیٹھے۔ زندگی اس کی دراز ہو۔
اور بعمر تیس سال اس کا کام دوبالا ہو۔ خلقت کی آنکھوں
میں عزیز ہو۔ اور مال جمع کرے۔ اور دوستوں کی صحبت اور عیش و عشرت میں
خرچ کرے۔ آخر عمر تقریباً ساٹھ سال میں زیادہ مالدار ہو۔ اور برادران اور خویشوں
سے اوسکو غم پہونچے۔ کہ ان میں موت واقعہ ہو۔ جس کسی کے حق میں نیکی کرے۔ بدی
دیکھے۔ اور والدین کو عزیز ہو۔ اور انکی خدمت کرے۔ اگر والدین سے ورثہ پاوے۔ تو خرچ
ہو جاوے۔ فرزند اور لڑکیاں اس کے گھر بہت کم پیدا ہوں۔ اگر پیدا ہوں۔ تو انکی شادی
اور خوشی دیکھے۔ اور بیماری اوسکو گرمی خشکی سے ہو۔ سر اور آنکھ اور دل اور جگر اور ہاتھ
اور پاؤں اس کے سست ہوں۔ اور درد اعضا اوسکو پیدا ہو۔ اگر پہلا نکاح یا عورت اسکی
فوت ہے۔ تو تیسری عورت پر قرار پکڑے۔ اوس عورت سے منفعت پاوے۔ اور خوش
حال ہو۔ اور ایک غیر عورت کے نکاح سے نقصان ہو۔ اور آب عمیق سے اوسکو
خطرہ موت ہے۔ آب عمیق سے ڈرتا رہے۔ کہ غرق ہونا اس کے طالع میں ہے۔ سفر اوسکو
طرف مشرق کے نیک ہے۔ اور امیروں سے فائدہ دیکھے۔ اور بعض آدمی اوس کے حق میں
چغل خوری کریں۔ جو امید رکھتا ہو۔ بقدر منزلت طالع کے پوری ہو۔ اور کمینوں
اور بد معاشوں سے صحبت نہ رکھے۔ اور اس کے دشمن بہت ہوں۔ اور ان
سے اوس کو نقصان پہونچے۔ اگر نیا چاند دیکھے۔ تو چاندی دیکھے۔ تاکہ وہ
ماہ اچھا گذرے۔ سینہ یا پیشانی یا ناف پر اوس کو کوئی خال ہو۔ تو وہ نشان
مبارک ہے۔ خطرہ جان اسکو عمر کے پہلے سال اور پانچویں سال ہو۔ جب ان خطروں
سے بچے۔ تو اسکی عمر بیاسی سال اور دس ماہ تین ہفتہ سات ساعت ہو۔
ویراتے

دشمن ہو۔ خانہ والدین یعنی ماں باپ اوسکا برج میزان ہے۔ وہ اُس سے خوش ہوں۔ اگر
انکی وراثت حاصل کرے۔ جلدی خرچ ہو جائے۔ خانہ فرزندان اور اولاد اُس کا
برج جدی ہے۔ اولاد سے اندوہ اور رنج وغم دیکھے۔ خانہ بیماری اُس کا برج قوس ہے
ان سے رنج وغم دیکھے۔ اور دیو اور پری اور بد نظر سے اوسکو بیماری ہو۔ کبھی خوش ہو
اور کبھی ناخوش ہو۔ بیماری اوسکو رات کو زیادہ ہو۔ خانہ نکاح اُس کا جدی ہے
ن نکاح کرے۔ جس عورت سے الفت کرے۔ نیکی نہ دیکھے۔ اور عورت کے فریب سے
اوسکو خطرہ ہو۔ خانہ موت اوس کا برج دلو ہے۔ موت اوسکی ذریعہ شانہ اندوہ انجام
سے ہو۔ خانہ بزرگان اُس کا برج حوت ہے۔ بزرگوں سے عزت اور نیکی دیکھے۔ خانہ
وف اُس کا برج حمل ہے۔ از بلندی اور آب بزرگ سے اوسکو خطرہ ہے اور سانپ
کے کاٹنے سے بھی خطرہ عظیم ہے۔ اُن سے پرہیز کرے۔ دلیری نہ کرے۔ اگر سفر کرے غرب
کی طرف مبارک ہو۔ خانہ اُمید اُس کا برج ثور ہے۔ جو امید رکھتا ہو۔ بقدر منزلت
کے پوری ہو۔ اور دوستوں سے روزی مند ہو۔ خانہ دشمنوں کا اوسکو برج جوزا
ہے۔ دشمن اُس سے فریب کریں۔ اور تہمت لگائیں۔ خطرہ جان اُسکو پہلے سال
اور تیسرے سال پیدائش کے اور چوتھے سال اور پانچویں سال اور چالیسویں سال
ہو۔ جب ان خطروں سے بچے۔ تو اوسکی عمر طبعی پچاسی سال اور سات ماہ اور دو
ہفتہ اور دو دن اور پنج ساعت ہو۔ واللہ اعلم بالصواب۔

جنم پتری طالع لگن عورت بُرج سرطان

جس عورت کی لگن بموجب طریقہ مذکورۃ الصدر کے بُرج سرطان کی معلوم ہو۔ اوس
عورت کی جنم پتری یہ ہے۔ کہ اس کی نیک شکل ہو۔ اور خوبصورت اور جسمان خورد دار
م دل اور پاک اعتقاد اور قدم اُس کا سسرال کے گھر میں مبارک ہو۔ جلدی جلدی

حاملہ ہو۔ برہنہ سر رکھنا اوسکو نامبارک ہوگا۔ کیونکہ سر برہنہ سے اوسکو آفت پہونچیگی۔ اور
صاحب اس طالع کو سال تیر کان خرگوش اور ماہ ربیع الاول اور روز بدھ کا سزاوار ہو
جو کام اُس دن میں کرے۔ نیک ہو۔ اگر کسی سے حاجت چاہے۔ تو اُس کے دائیں طرف
بیٹھے تب حاجت پوری ہو۔ اگر نیا چاند دیکھے۔ تو نابالغ دختر کو دیکھے۔ تاکہ وہ مہینہ
اسکو اچھا گذرے۔ اور گھر زندگانی اوسکا برج سرطان ہے زندگی اور اس کی دراز ہو۔ مال اور
دولت بہت ہاتھ لگے لیکن نعمت کا قدر نہ جانے۔ برباد کرے۔ خانہ والدین اسکا ثور ہے۔ اُن سے کچھ نہ پاوے۔ وراثت والدین
اسے محروم ہو جائے۔ خانہ اولاد اوسکا سنبلہ ہے۔ فرزندان اور دختران کم پیدا ہوں۔ اور اُسکو زحمت گرمی
خشکی سے ہو۔ اور نظر دیو یا پری سے اسکو آفت پہونچے۔ تعویذ اسکو نہ رہنا چاہیئے
خانہ نکاح اوسکا میزان ہے۔ ایک نکاح کرے۔ عورتوں کے فریب اور مکر سے اوسکو
ڈرنا چاہیئے۔ کہ وہ اسکو تہمت لگاویں۔ جس سے خطرہ عظیم پہونچے۔ خانہ سفر اوسکا
حوت ہے۔ سفر میں ایک جگہ نہ رہے۔ دوست اُس کے دشمن جلد ہوں۔ خطرہ جان
اسکو بعمر اول سال اور بعمر پانچویں سال اور آٹھویں سال ہو۔ جب ان خطروں سے بچے تو
اس کی عمر طبعی چہتر سال پانچ ماہ تین ہفتہ چار روز اور دو ساعت کی ہو۔
واللہ اعلم بالصواب۔

دیو نامہ حضرت سلیمانؑ بابت طالع سرطان

حضرت سلیمان علیہ السلام نے فرمایا۔ کہ دیو نامہ طالع سرطان کو لاؤ۔ فوراً حاضر کیا گیا
دیو حاضر ہوا۔ اس کے دو سر تھے۔ ایک مانند اژدہا دوسرا ہاتھی کا۔ اور پاؤں مانند شتر
کے۔ بدن مانند گاؤ کے تھا۔ حضرت سلیمان علیہ السلام نے کہا۔ کہ اے دیو تیرا کیا
نام ہے! اور کس جگہ رہتا ہے؟ دیو نے کہا۔ نام میرا حقطت ہے۔ اور بیچ
ویرانہ اور مکان پرانا اور حمام اور قبرستان اور کنارہ دریا اور درخت کے نیچے اور

والله اعلم بالصواب ؎

جنم پتری طالع لگن عورت برج اسد نمبر 5

جس عورت کی لگن بموجب طریقہ مذکورۃ الصدر کے برج اسد کی نکلے۔ تو جنم پتری اُس
کی یہ ہے۔ کہ وہ کچھ خوبصورت نہ ہو۔ نیک خو اور رحمدل پاک اعتقاد عقلمند قد بلند
اور بزرگ چشم اور کام میں چالاک اور چست ہو۔ جو کام کرے عمدگی سے پورا ہو۔ اور
سال نر کان سوال نہنگ اور ماہ جمادی الآخر اور روز بدھ اور اتوار اوسکو نیک ہو۔ جو کام
کہ ان دنوں میں کرے۔ اچھا ہو۔ اگر نیا چاند دیکھے۔ تو چاندی پر نظر کرے۔ تو وہ ماہ مبارک
ہو۔ خانہ زندگانی اُسکا برج اسد ہے۔ عمر دراز ہو۔ اور سفر میں خلقت کو عزیز ہو اور تئیس سال
میں نعمت اور مال پاوے۔ اور سرداروں اور خویشوں سے تھوڑا سا غم پہونچے۔ لیکن اُن
سے اور خوشی دیکھے۔ والدین اُس پر مہربان ہوں۔ اور اُس سے خوش ہوں۔ مگر ورثہ والدین
کا اسکو نہ ملے۔ اور اگر وراثت کے حاصل کرنے کی کوشش کرے گی۔ تو برعکس نقصان اٹھائیگی
اور اولاد اسکو کم پیدا ہو۔ اور اگر پیدا ہو۔ تو فرزندان سے عزت اور حرمت دیکھے۔ اور فرزندان
کی شادی دیکھے۔ دیو اور پری سے اوسکو آفت پہونچے۔ سر اور آنکھ اور مثانہ اور دل
اور کمر اور ناف اور گردن و معدہ میں درد ہو۔ اور اس سبب سے اولاد اُسکی کم پیدا ہو۔ صدقہ
دے تاکہ خلاصی پاوے۔ اور اس کے طالع میں دو نکاح ہوں۔ اور ایک ضعیف العمر عورت
اُس کے حق میں فریب کرے۔ اوس سے اوسکو خطرہ عظیم ہے۔ اور ایک آدمی کی خاطر اوسکو
سفر کرنا پڑے۔ بزرگوں سے دولت پاوے۔ پوشیدہ اپنے آپکو مشغول کرے۔ بعض
امیدیں اوسکی پوری ہوں۔ اور خویشوں کی طرف سے شادی دیکھے۔ اور دشمن زیادہ
ہوں۔ اور اُن سے راحت دیکھے۔ خطرہ اوسکو جان کا بیچ عمر تیسرے اور پانچوں اور
[illegible] جب ان خطروں سے بچے۔ تو اُس کی عمر طبعی اٹھاسی سال اور آٹھ روز

اور سات روز اور آٹھ ساعت کی ہو۔ واللہ اعلم بالصواب ؎

دیو نامہ حضرت سلیمان علیہ السلام متعلقہ لگن اسد نمبر 5

حضرت سلیمان علیہ السلام نے فرمایا۔ کہ دیو نامہ طالع اسد کو حاضر کرو۔ اُسی وقت حاضر کیا
گیا۔ دیو حاضر ہوا۔ اسکے دو سر تھے۔ ایک مانند چیتلے کے اور ایک مانند اژدہا کے۔ پاؤں
مانند کتے کے۔ حضرت سلیمان علیہ السلام نے فرمایا۔ کہ اے دیو تیرا کیا نام ہے اور تو کہاں رہتا
ہے۔ دیو نے عرض کیا۔ کہ یا پیغمبر علیہ السلام میرا نام عقرب ہے۔ اور جگہ میری ویرانہ جنگل
اور اجاڑ سنسان اور نہروں اور چاہ پرانا میں ہے۔ جو شخص وہاں سے گذرتا ہے۔ اور
خدا تعالے کا نام نہیں لیتا۔ یا بے تعویذ ہوتا ہے۔ تو میں اوسکو آفت پہونچاتا ہوں
علامت آفت کی یہ ہے۔ کہ اعضاء اوس کے ضعیف کرتا ہوں۔ اور درد اندام پیدا
کرتا ہوں۔ اور اس کے ایک عضو کو میں بھاری اور گراں کرتا ہوں۔ اور دل اور جگر
اوسکا کمزور کرتا ہوں۔ اور اُس کی پیٹھ اور ران میں درد پیدا کرتا ہوں۔ اور درد گردہ
اُسکو ہوتی ہے۔ حضرت سلیمان علیہ السلام نے اوسکو کہا۔ کہ اوسکا علاج کیا ہے؟
دیو نے کہا کہ ایک بکرا سیاہ ذبح کریں۔ دو من یا دس سیر آٹا اور دس سیر چاول پکا کر
مساکین کو بطور صدقہ کے کھلادیں۔ عود اور عنبر جلاویں۔ اور اس بکرے کے خون سے یہ تعویذ
لکھ کر مریض کی گردن میں باندھے۔ اور دو چراغ اور دو جھنڈیاں خورد کسی اولیاء اللہ کی
قبر پر رکھیں۔ اور یہ تعویذ لکھ کر مریض کے گنجے میں ڈالے۔ اور اسناد اُس کی یہ
حمل کے یہ عبارت جنم پتری کے
لکھ دی ہیں۔ اور تعویذ متبرک لبت
درلبت نو خانہ میں بشکل مربعہ ذیل میں ہے۔
تعویذ متبرک یہ ہے۔

۹ :	۲ :	۷ :
۴ :	۶ :	۸ :
۵ :	۱۰ :	۳ :

جنم پتری لگن برج سنبلہ برائے مرد ٦

حصہ بارہواں ہفت آسمان برج سنبلہ یا راس کنیا یا ماہ اسوج خاکی جنوبی مزاج سرد خشک رنگ گندم نما بسرخی خانہ عطارد اور شرف عطارد ۱۵ درجہ پر اور ہبوط زہرہ ۱۵ درجہ پر وبال مشتری ورگ گا و حروف متعلقہ راس ٹ پا ٹما او متعلقہ راس نچھتر اوترا پھا الگنی ہست چترا جس آدمی کی لگن بموجب طریقہ مذکورہ القصد برج سنبلہ نکلے۔ اوس کی جنم پتری یہ ہے۔ کہ وہ آدمی خوش شکل اور نیک خو اور رحم دل اور پاک اعتقاد اور عیش اور خوشی کو دوست رکھنے والا کشادہ پیشانی اور کشادہ روزی اس کی ہو گئی۔ مال اور دولت بذریعہ تجارت یا زراعت جمع کرے۔ امیروں کی خدمت کرنیوالا ہوگا۔ اور امیروں سے نفع پائے۔ اور لوگوں کو اس سے نفع حاصل ہو اور اس کی پیشانی یا سینہ پر تل ہو۔ جو نشان نیک بختی کا ہوگا۔ اور خلقت پر مہربان ہوگا۔ اور خلقت اوسکو دوست رکھے گی۔ اور کام دنیاوی کے کرنے میں ہوشیار اور چالاک ہو اور بیچ پہلی عمر کے اوس کے کام نیک ہوں۔ حد میانہ عمر میں آسان ہوں ....

[illegible] ....

[illegible]

[illegible]

جنم پتری لگن برج سنبلہ عورت ٦

جس عورت کا لگن [illegible]

[illegible]

بلکہ نقد سے فائدہ دیکھے لیکن اوس کے ہاتھ سے تکلیف اٹھائے۔ اور عشق سے خالی
نہ ہو۔ اور چند ہزار دیں اس کے دل کی حاصل ہوں۔ اور دشمن اُس کے دشمنی کریں۔ جس
کو چاہیے۔ کہ اُن سے پرہیز کرے۔ اور اُس کو چاہیے کہ یہ تعویذ ذیل کے تہ رہے۔
تاکہ بلا اور مصیبتوں سے اوسکو نجات رہے۔ خطرۂ موت اُسکو ہے چھ اور سات سال جو
جیسے اس خطرہ سے نجات پائے۔ تو پچانوے سال اور چھ ماہ اور دو روز اور
سلامت ساعت کی عمر پائے۔

دیو نامہ لگن طالع سنبلہ ب 6

حضرت سلیمان علیہ السلام نے فرمایا۔ کہ دیو نامہ طالع سنبلہ کو حاضر کرو۔ اُسی
وقت حاضر کیا گیا۔ دیو آیا۔ اُس کے دو سر تھے۔ ایک سر مانند آدمی اور دوسرا سر
مانند بکرا کے اور پاؤں مانند ہاتھی کے اور کمر مانند شیر کے ہاتھ میں توشہ یعنی بستہ لیے
ہوئے۔ حضرت سلیمان علیہ السلام نے فرمایا۔ کہ اے دیو نام تیرا کیا ہے؟ اور تم کس جگہ
رہتے ہو۔ دیو نے کہا۔ کہ نام میرا کشالیت اہرمن اور مقام میرا خانہ ویران اور گورستان
اور چاہ ویرانہ اور چہار راہ یعنی چورستہ اور نیچے درخت اور سایہ دیوار کے ہے۔ جو اس جگہ
پر گذرے۔ اور نام خداوند تعالیٰ زبان پر نہ لائے۔ تو میں اُسکو رنج دیتا ہوں۔ اور
آفت پہونچاتا ہوں۔ اور علامت آفت کی یہ ہے۔ کہ سر و چشمان اور شانے اُس کے
درد کریں اور دل اور جگر اوسکا ضعیف ہوتا ہے۔ اور سینہ اور پشت درد کرتا
ہے۔ حضرت سلیمان علیہ السلام نے فرمایا۔ کہ علاج اوسکا کیا ہے؟ دیو نے کہا کہ
یا رسول اللہ ایک بکرا سیاہ یا مرغ برنگ سفید و سرخ۔ دو من اور دو سیر روٹیاں پکی
ہوئیں۔ یا ایک من آٹا۔ یا ایک چھٹانک۔ اور ایک سیر نمک مسکینوں کو صدقہ
دیوے۔ اور ایک جامہ مریض اور دو جھنڈیاں دو چراغ قبرستان میں رکھیں ہووے

بجون مرغ یا گوسفند اس نقش کو تحریر کر کے گلے مریض پر باندھیں۔ خداوند تعالیٰ صحت
کرے اور عود اور عنبر کو جلا کر دھونی دیں۔ اور صندل سفید جلاویں جسکی اسناد برج حمل کے
آخر میں درج کی گئی ہیں۔ واللہ اعلم بالصواب۔ تعویذ متبرک یہ ہے۔

۹:	۲:	۷:
۴:	۶:	۸:
۵:	۱۰:	۳:

جنم پتری لگن برج میزان مرد ب 7

حصہ یا سوال ہفت آسمان برج میزان با تلا راس یا ماہ کاتک بادی مغربی
مزاج گرم تر رنگ سفید خانہ زہرہ و بال مریخ شرف زحل ۲۱ درجہ پر ہبوط آفتاب
۱۹ درجہ پر ورگ آہو یعنی ہرن حروف متعلقہ راس مذکور را۔ ری۔ رو۔ تا۔ تی۔ طا۔ ص
نچھتر متعلقہ راس مذکور چترا سوانت۔ بساکھا۔ جس مرد کی لگن بموجب طریقہ مذکورہ
الصدر کے برج میزان نکلے۔ اوس مرد کی جنم پتری یہ ہے۔ کہ وہ بلند قد کشادہ
ابرو اور کشادہ پیشانی اور موٹی آنکھیں اور سفید اور زرد رنگ ہو۔ اور رحم دل اور
دلاور اور پاک اعتقاد اور عیش و عشرت کو عزیز رکھنے والا اور سچ کہنے والا ہو۔ اور
گوشہ نشینی کو دوست نہ رکھنے والا سے روزی کمائے جس کے نیکی کرے۔ اُس سے نیکی دیکھے
سینہ اور ہاتھ پر خال یعنی تل ہو۔ وہ علامت نیک بختی کی ہے۔ اگر نیا چاند دیکھے تو دختر کو
دیکھے۔ اگر کسی کے پاس حاجت کو جائے تو جنوبی طرف بیٹھے۔ تاکہ حاجت روا ہو۔ اور
سال ترکان سال بکرا اور ماہ رجب اور روز جمعہ اوسکو نیک ہے۔ عمر دراز ہو۔ اور
دولت کے حاصل کرنے میں بہت کوشش کرے۔ اور خوشی سے عمر
دراز گذارے۔ اور دولت حاصل [illegible] بلند خرچ ہو۔ اور کام سوداگری سے نفع پائے

دیو آیا۔ اوس کے تین سر تھے۔ ایک سر مانند آدمی کے۔ دوسرا مانند ... کے اور تیسرا
مانند گاؤ کے تھا۔ اور پاؤں مانند شتر کے تھے۔ ایک ہاتھ میں ... اور دوسرے ہاتھ
میں خنجر آبدار تھا۔ حضرت سلیمان علیہ السلام نے ...
حبشی ہو۔ دیو نے کہا۔ کہ میرا نام ... ہے ...
... ہے۔ جو شخص وہاں سے ...
ہوتا ہے۔ میں اسکو آفت پہونچاتا ہوں ... اور ... تعویذ
کے ... ان میں پیدا ہوتی ہے۔ اور گردہ ... کہ بادی اوس
اور جگر اسکا ضعیف ہوتا ہے۔ اور درد ... میں درد ہوتی ہے۔ دل
... اور اسکی اولاد کو ضرر پہونچاتا
اوں حضرت سلیمان علیہ السلام نے پوچھا۔ کہ اوسکا علاج کیا ہے؟ دیو نے کہا کہ ایک
... مریض کا اور چار ... آٹا یا چار سیر آٹا اور ایک بکرا سیاہ رنگ ذبح کرے۔ اور روٹیاں
پکا کر مع گوشت کے محتاجوں کو کھلائے۔ یا پلاؤ پکا کر صدقہ دیوے۔ یا ایک مرغ سفید
اور چار سیر آٹا دیوے۔ اور مریض کے پاس صندل سفید جلاوے۔ اور دو چراغ اور ایک
جھنڈی خورد قبرستان پر رکھ آویں۔ اور تعویذ متبرک
ذیل جس کی اسناد برج حمل کے آخر میں تحریر کی
گئی ہیں۔ مریض کی گردن میں زعفران سے تحریر
کر کے ڈالے۔ تعویذ متبرک یہ ہے:۔

:۹	:۲	:۷
:۴	:۶	:۸
:۵	:۱۰	:۳

جنم پتری مرد بابت لگن برج عقرب

8

... مزاج آبی خاکی
... برج عقرب سیارہ ... برج ...
منصہ ... ہفت آسمان ... حروف متعلقہ ... راس ...
سرد ... رنگ سفید خانہ مریخ ... زہرہ ...
... ذ ... ن ...

لگن برج عقرب بموجب طریقہ مذکورۃ القدر کے برآمد ہو۔ تو اسکی جنم پتری یہ ہے۔ کہ وہ
شخص دلاور اور مضبوط دل اور بلند قد اور باجمعیت ہو۔ رنگ اوسکا سیاہ سرخی مائل
ہو۔ اور زبان اسکی تیز گو ہو۔ اور رحیم دل اور زود رنج۔ اور جلد خوش ہونے والا ہو۔
اور رنج خویشوں کا دیکھے۔ اور بعض خویشوں سے شادی دیکھے۔ غم دور ہو جائے۔
اور روزی فراغ پائے۔ مزدوری یا حرفت کے کام سے زر لے۔ اگر چاند نیا دیکھے
تو نابالغ دختر کو دیکھے۔ مبارک ہو۔ سال ترکان گوسفند اور ماہ شعبان اور منگلوار
اوسکو نیک اور مبارک ہو۔ جو کام کہ ان دنوں میں کرے۔ نیک ہو۔ اگر کسی سے
حاجت چاہے۔ تو پوری ہو۔ اور اسکو مال ہاتھ لگے۔ مگر جلد خرچ ہو۔ اور مال کے جمع
کرنے میں حیران و سرگردان ہو۔ اور خویشوں اور برادران سے کوئی فائدہ نہ دیکھے۔
اور ایک خویش کے ساتھ سخت دشمنی ہو۔ اور ماں باپ اوس سے راضی ہوں۔
اور اولاد آخر عمر میں اسکے گھر پیدا ہو۔ اور ان سے اسکا نام روشن ہو۔ اور ایک فرزند
اور ایک دختر سے غم و الم دیکھے۔ طبیعت اس کی سرد تر ہو۔ اور بیماری اوسکو بلغم
سے واقعہ ہو۔ اور درد زانو اور درد سر سے عاجز ہو۔ اور ایک نکاح کرے۔ اس
نکاح سے فائدہ دیکھے۔ اور عورت کے فریب سے مال کا غم نہ کھاوے۔ اور درخت کی
بلندی سے اور آپ بزرگ سے اوسکو خطرۂ جان ہو۔ ان سے پرہیز کرے۔ اور سفر اسکو
قبلہ یعنی مغرب کی طرف نیک ہو۔ اور بزرگوں سے کچھ روزی پائے۔ اور دشمنوں سے
غم پہونچے۔ اور فکر درپیش آئے۔ اور تمام خویش اس کے دشمن ہو جائیں۔ مگر ضرر نہ
پہونچے۔ خطرۂ جان بعمر دو اور تین اور بیس اور پچاس سال کے ہو۔ جب ان خطروں سے
بچے۔ تو اسی سال آٹھ ماہ سات روز چھ ساعت چار دقیقہ عمر پاوے۔ واللہ اعلم بالصواب۔

جنم پتری حضرت طالع لگن برج عقرب ۸

بس عورت کی لگن بموجب [illegible] برج عقرب
یہ ہے۔ کہ اوسکا رنگ سرخ [illegible] کے برج عقرب نکلے۔ جنم پتری اسکی
خاوند اور سسرال کے گھر مبارک قدم ہو۔ [illegible] چشمان فربہ اور خوش
سے رنج بہت ہو۔ اور آخر خوشی دیکھے۔ اور [illegible] سے خلق نہ ہو۔ لیکن [illegible]
بزرگوں سے نفع پائے۔ امید اسکی جلدی پوری ہو۔ اگر صبر کرے۔ تو عزت پائے۔ اور صاحب اس طالع کی خوش طبع ہو
دشمن اسپر تہمت لگائیں۔ اور بے تعویذ رہنا اوسکو سخت بد ہوگا۔ اور کشادہ [illegible]
بامروت ہو۔ اگر دل کا راز کسی سے نہ کہے۔ تو آرام پائے۔ ورنہ بدنام مشہور ہو۔ [illegible]
یعنی خورد سالی محنت و مشقت کرے۔ اور آخری عمر میں دولت پائے۔ جلد رنج [illegible]
خوش ہو۔ اور زبان تیز [illegible] نرم دل ہو۔ اور طبیعت [illegible] اگر نیا چاند دیکھے۔ تو
نابالغ دختر پر نظر کرے۔ تاکہ وہ مبارک گذرے۔ سال [illegible] سال [illegible]
اور جنگل [illegible] اور سواد اس کو نیک ہو۔ اور پیشانی [illegible]
دولت جو کچھ حاصل کرے۔ جلد مفلس ہو جائے۔ اور [illegible]
لیکن وہ اسکی قدر نہ جانیں اور دشمن اسکے پوشیدہ ہوں۔ یا ایک [illegible] سے سخت [illegible]
اس سبب اوسکو نقصان ہو [illegible] باپ [illegible] الفت کریں [illegible]
نہ کرے۔ اور نقصان [illegible] سے غم دیکھے۔ [illegible]
تعویذ نہ رہنا چاہئے۔ [illegible]
شکم گرفتار مرض ہو۔ اس کے بعد [illegible]
ایک نکاح اسکا [illegible]
ہو۔ خطرہ اسکو [illegible]

سال اور چھ ماہ اور ایک ہفتہ سات ساعت اور پنج دقیقہ عمر طبعی پاوے۔ واللہ اعلم بالصواب ؛

۸ دیو نامہ طالع عقرب برائے مرد و زن

حضرت سلیمان علیہ السلام نے فرمایا۔ کہ دیو نامہ طالع عقرب کو لاؤ۔ فوراً حاضر کیا گیا۔ دیو حاضر ہوا۔ اس کے دو سر تھے۔ ایک مانند گاؤ کے دوسرا مانند شیر کے تھا حضرت نے فرمایا۔ کہ اے دیو تیرا کیا نام ہے اور تو کس جگہ پر رہتا ہے۔ دیو نے کہا کہ میرا نام جنہالوس ہے۔ اور مقام میرا دریا کا کنارا یا تالاب یا نہروں پر یا زیر سایہ درختوں، جنگل، اور قبرستان اور مکانات پرانا اور سایہ دیوار میں ہے۔ جو شخص وہاں سے گذرتا ہے۔ اور خدا تعالےٰ کا نام نہیں لیتا۔ میں اوسکو تکلیف دیتا ہوں۔ نشان آفت میری کا یہ ہے۔ کہ سر درد کرتا ہے۔ اور اسکی آنکھوں میں اندھیرا ہو جاتا ہے۔ اور دل و جگر ضعیف ہو جاتا ہے۔ اور بادی اسکی ناف میں پیدا ہوتی ہے۔ اور اسکے فرزندوں کو آفت پہنچاتا ہوں۔ جو کہ آئندہ پیدا ہوں۔ میں اسکو جان سے مارتا ہوں حضرت نے فرمایا۔ اسکا کیا علاج ہے۔ دیو نے کہا۔ کہ ایک گوسفند کرنگ یا مرغ یکرنگ ہو اور اس کے خون سے تعویذ ذیل لکھے۔ اور مریض کو پانی میں گھول کر پلاوے۔ اور ایک تعویذ مریض کی گردن میں لٹکاوے۔ اور خوشبو صندل سفید جلادیں۔ اور ایک کپڑا مریض کا اور چار سیر یا چار سیر غلہ گندم اور گوشت بکرا یا مرغ تمام کو صدقہ دیلوے۔ اور ایک چراغ اور دو جھنڈیاں قبرستان پر رکھے جس کا اسناد بہ شرح حل کے آخر میں تحریر کر دیا گیا وہ ملاحظہ طلب ہے [illegible]

[illegible]	[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]

...دل کو انس سے نفع پہونچے۔ لیکن اوسکی قدر نہ کریں۔ اور ایک
...اوس کے ساتھ دشمنی کرے۔ لیکن کامیاب نہ ہو۔ اور ماں باپ سے کم نفع
...دیکھے۔ ان سے ورثہ نہ پاسکے۔ اور فرزندوں سے عزت اور نعمت دیکھے۔ اور ان
...ادی دیکھے۔ اور انکا کوئی غم نہ دیکھے۔ خانہ بیماری اوسکا حوت ہے طبیعت
اوسکی گرم تر ہو۔ اور درد سر اور زرد اندام اوسکی ہو۔ اور اگر نکاح اول نہ رہے۔ تو
پھر دو نکاح اور کرے۔ اور اسکو بعمر تیس سال خطرۂ جان پہونچے۔ زندگی سے
نا امید ہو۔ مگر خیریت سے گذرے۔ اور سفر اوسکو مغرب کی طرف فائدہ مند ہو۔ اور
امیروں اور بزرگوں سے پرہیز کرے۔ اونکی صحبت کم رکھے۔ کہ امیروں سے اوسکو
نقصان پہونچیگا۔ اور جس جگہ کہ پیدا ہو۔ اس سے دوسری جگہ یا ملک میں زندگی بسر
کرے۔ اور چند دوستوں سے عزت دیکھے۔ دشمنوں سے پرہیز کرے۔ خطرہ اوسکو مکان
سے گرنے اور درندہ یعنی جانوران درندہ سے ہے۔ ان سے پرہیز کرنا اوسکو لازم ہے۔ عقرب
وحوت کا مقابلہ ہو۔ خطرہ جان اسکو بعمر پہلے اور ساتویں اور پچیسویں اور تیسویں
سال کے ہے جب ان خطروں سے بچے۔ تو ایک سو دو سال اور ... اور دو ہفتہ اور ...
ساعت کی عمر پائے۔ واللہ اعلم بالصواب ؛

جنم پتری با طالع لگن عورت برج میزان نمبر 7

بموجب طریقہ مذکورۃ الصدر کے جس عورت کی لگن برج میزان کی ہو تو
اوسکی جنم پتری یہ ہے۔ کہ طبیعت اوسکی سرد و تر ہوگی رنگ سرخ و سفید ...
خوبصورت اور بلند قد اور بڑی بڑی آنکھیں اور ... [illegible]
پر کوئی تل ہو۔ اور خوش مزاج ... [illegible]
[illegible]

روز جمعہ اوسکو مبارک اور نیک ہو۔ جو کام کہ ان دنوں میں کرے۔ نیک ہو۔ جسوقت
کہ نیا چاند دیکھے۔ تو نابالغ دختر کو دیکھے۔ تاکہ وہ ماہ مبارک گذرے۔ عمر اوس کی
دراز ہو۔ اور جو چیز کہ کسی سے مانگے۔ وہ آدمی اوسے دینے سے انکار نہ کرے۔ اور
خویشوں سے فائدہ ہو۔ جس کے ساتھ نیکی کرے۔ بدی دیکھے۔ اور مال اور دولت
بعمر پچیس سال ہاتھ لگے۔ لیکن برباد اور خرچ ہو جائے۔ برادران اور خویشاں کے
حق میں مہربان ہو۔ لیکن اوسکی قدر نہ جانیں۔ اور ایک خویش سے دشمنی ہو۔ ماں
باپ اوسپر مہربان ہوں۔ ان سے ورثہ پائے۔ مگر جلد خرچ ہو۔ اور فرزندان سے
عزت و حرمت دیکھے۔ اور انکی شادی دیکھے۔ اور آخر عمر میں پسران سے آرام
ہو۔ بیماری اوسکو دیو اور پری سے (پڑی) ہو۔ اور بادی اوس کے اعضاؤں میں پیدا
ہو۔ اور سایہ دار درخت توت کے نیچے اوسکو بیٹھنا نہ چاہیئے۔ اور عورتوں کے قریب
سے ڈرے اور اپنے وطن کو چھوڑ کر دوسری جگہ یا ملک میں پہونچے۔ مگر خوب فائدہ
ہو۔ اور تیئیس برس کی عمر میں اوسکو خطرۂ عظیم پہونچے۔ کہ زندگی سے ناامید ہو۔ مگر
خیریت گذرے۔ اور خطرۂ جان اوسکو چاہ یا کنوئیں سے ہو۔ اس سے پرہیز کرے۔
اور بزرگوں سے روزی مند ہو۔ اور اگر ایک نکاح نہ رہے۔ تو دوسرا نکاح کرے
آخر کار اوسکے خویش اس کے دشمن ہوں۔ لیکن ان سے کوئی نقصان نہ پہونچے
خطرۂ جان بعمر پہلے سال اور اکیس اور بعمر تیس سال ہو۔ اور پچاس سال کے
ہو۔ جب ان خطرات سے بچے تو اسی سال سات ماہ تین ہفتہ اور چار روز آٹھ
ساعت عمر طبعی پائے۔ واللہ اعلم بالصواب ؛

دلونامہ طالع میزان نمبر 7

حضرت سلیمان علیہ السلام نے فرمایا۔ کہ دلونامہ طالع برج میزان لاؤ۔ حاضر کیا گیا۔

[illegible] کا برج باب ہے۔ اگر شکل ہیولانہ ہے تو دوبارہ نکاح کرے۔ خانہ سفر کا اوسکا برج جدی ہے۔
[illegible] جگہ میں پیدا ہوا اوس جگہ کو چھوڑ کر دوسری جگہ پر زندگی بسر کرے۔ اور سفر میں اوسکو غم ہو۔
خانہ بزرگان اوسکو برج سنبلہ ہے۔ ایک عورت بزرگ سے اوسکو فائدہ ہو۔ اور خانہ خویشوں کا
اوسکا میزان ہے۔ خویش اوس کے دشمن ہوں۔ اور تہمت رکھیں۔ خطرہ موت اوسکو پہلے
اور ساتویں اور بارھویں سال کے ہو۔ جب ان خطرات سے نجات پائے۔ تو عمر طبعی اوسکی
[illegible] سال سات ماہ آٹھ روز پانچ ساعت اور ۲۳ دقیقہ کی ہو۔ واللہ اعلم بالصواب

دیونامہ طالع قوس مرد اور زن نمبر 9

حضرت سلیمان علیہ السلام نے فرمایا۔ کہ دیونامہ طالع برج قوس کا حاضر کرو۔ فوراً حاضر کیا گیا۔ اور دیو متعلق طالع مذکور حاضر ہوا۔ اوس کے دو سر تھے۔ ایک سر بصورت خرگوش اور دوسرا مانند لومڑی کے۔ اور پاؤں اُس کے مانند گدھے کے اور بدن اُسکا مانند شیر نر کے۔ ایک ہاتھ میں تیزہ دوسرے ہاتھ میں تیر و کمان لئے ہوئے۔ حضرت نے فرمایا۔ کہ نام تیرا کیا ہے۔ اور تو کس جگہ پر رہتا ہے۔ دیو نے بیان کیا۔ کہ نام میرا خبط اروش عجائیل ہے۔ اور جگہ میری دریاؤں پر اور بیابان اور درختان گنجان پر ہوتی ہے۔ جو آدمی کہ اوس جگہ پر پہنچے۔ اور خدا کا نام نہ لے۔ میں اوسکو آفت پہنچاتا ہوں۔ اگر چالیس برس کی عمر کا ہو۔ تو بازی اوس کے اعضا میں ہو۔ اور اُسکو میں بیہوش اور بیخود کرتا ہوں۔ حضرت سلیمان علیہ السلام نے اوسکو فرمایا۔ کہ علاج اوسکا کیا ہے؟ دیو نے کہا۔ کہ ایک بکرا سیاہ یا مرغ سیاہ کو ذبح کرکے اوس کے خون میں تعویذ تحریر کرکے مریض کے گلے میں باندھیں اور ایک من یا ایک سیر روٹیاں گندم اور ایک ٹکڑا لکڑی کا۔ اور جامہ مریض اور پانچ سیر روغن زرد یا پانچ پاؤ اور ایک پاؤ نمک صدقہ دیویں

اور دو چراغ بر دریا یا نہر رواں پر رکھیں۔ اور مریض کے گھر میں صندل و عود جلائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ صحت کلی حاصل ہو۔ تعویذ متبرک جس کی استاد بُرج حمل میں درج ہیں۔ ذیل میں ہے۔ واللہ اعلم بالصواب

تعویذ متبرک یہ ہے۔

۹:	۲:	۷:
۴:	۶:	۸:
۵:	۱۰:	۳:

جنم پتری مرد و لگن بُرج جدّی نمبر 15

بُرج جدی یا مکر راس یا ماہ ماگھ خاکی جنوبی سرد خشک خانہ زحل شرف مریخ ۲۸ درجہ پر وبال قمر ہبوط مشتری ۱۵ درجہ پر وارگ شیر حروف متعلقہ راس مذکور بھو ج جو جی گھی گھو گ کھ س اور نچھتر متعلقہ راس ہذا اوترا کھاڈ اور سرون۔ جس آدمی کی لگن بموجب طریقہ مندرجہ بالا بُرج جدی ہو۔ تو اوسکا رنگ سیاہی مائل ہو۔ قد کوتاہ اور ہر کام میں سست ہو۔ اور مکر اور حیلہ گر خلاف گواہ قریبی ہو۔ اور آدمیوں میں عزیز نہ ہو۔ ہمیشہ مفلس اور غریب رہے۔ دولت و نعمت سے محروم رہے۔ اور عورت کے ساتھ لڑائی فساد کرے۔ اگر پہلی عورت نہ رہے۔ تو دوسرا نکاح کرے۔ اور عورت [illegible] انغم اور فکر کرتا رہے۔ بزرگوں سے فائدہ نہ دیکھے۔ اور فرزندان اور دختران سے رنج اُٹھائے۔ اگر کسی سے حاجت چاہے۔ تو پوری نہ ہو۔ اور اُس کا گذارہ محنت اور مشقت سخت ہو۔ کاروبار خراب اختیار کرے۔ بیماری اس کو سودا اور صفرا سے ہو۔ اور درد دل سے روتا رہے۔ اور برادران اور خویشوں سے اوسکو فائدہ نہ ہو۔ خویش اُس کے دشمن ہوں۔ اور اوسکو قید خانہ کا خطرہ ہو اور آگ سے خطرہ عظیم ہے۔ آگ سے ہمیشہ اوسکو پرہیز کرنا واجب ہے اور وہ عورتوں سے زیادہ رغبت [illegible] ان سے نقصان دیکھے۔ اور ایک عورت کی تہمت

جنم پتری لگن برج قوس بابت مرد

۹۰

حصّہ بارھواں ہفت آسمان برج قوس یا راس دھن آتشی شرقی گرم خشک رنگ
زرد خانہ مشتری وبال عطارد شرف ذنب سو درجہ پر ہبوط راہو سو درجہ پر بزرگ پڑتا
نام حروف متعلقہ راس ہذا۔ بھا ف۔ ڈھ۔ متعلق راس ہذا مدل پور با کھاڈ
اوتر کھاڈ۔ جس آدمی یعنی مرد کی لگن برج قوس بموجب طریقہ مذکورۃ القدر نکلے
تو اوسکی جنم پتری یہ ہے۔ وہ مرد نیک صورت نیک مزاج اور چالاک زبان ہو اور
اسکے پیٹ یا ران پر تل ہوگا۔ وہ علامت نیک ہے۔ صاحب اس کا طالع جلد خوش
ہونیوالا اور جلد رنج پیدا اور جوانمرد۔ اور عیش و عشرت کو دوست رکھے۔ اور
عورتوں کی محبت سے خالی نہ ہو۔ اور سال ترکان گاڈ کا اور ماہ رمضان اور روز پنجشنبہ
اور چہارشنبہ یعنی بدھ وار اوسکو نحس ہو۔ اور جو کام ان ایام میں کرے۔ وہ خراب ہو۔ اور بعض
بعض حاجات اوسکی پوری ہوں۔ اور محنت و مشقت میں عمر گذرے۔ اور مال کچھ چند جمع کرے
مگر مال نہ رہے۔ جلد مفلس ہو۔ اور بیچ آخر عمر کے مال غیب سے حاصل ہو۔ اور خانہ بھائیوں
اور خویشوں کا اوسکو برج دلو ہے۔ اور سپرد وہ مہربان ہوں۔ اور ان سے فائدہ دیکھے
جس کسی سے وہ نیکی کرے۔ اوس سے بدی دیکھے۔ خانہ مادر و پدر اوسکا جوزا ہے۔ قدم
اسکا ان پر مبارک ہو۔ اور ماں باپ کی میراث نہ پائے۔ اور فرزندان سے نیکی دیکھے
اور اسکے گھر دختران زیادہ پیدا ہوں۔ اگر اس کے گھر میں پہلے پسر پیدا ہو۔ تو غم بہت
دیکھے اگر دختر پیدا ہو تو خوشی و خرمی دیکھے۔ خانہ بیماری اسکا برج ثور ہے۔ طبع
اس کی گرم خشک ہو۔ گاہ خوش اور گاہ ہے۔ ناخوش۔ اور گرمی خشکی سے بیماری ہو
اور خانہ نکاح اس کا بھی برج جوزا ہے۔ چند نکاح کرے۔ اور خطرہ جان اسکو بلندی سے ہے
... اوسکو پرہیز کرنا چاہیے۔ اور سفر میں ... پوری ہو۔ اور سفر اوسکو طرف مشرق کا نیک ہو

اور بزرگوں سے فائدہ اسکو کم پہونچے۔ خطرہ جان اوسکو عمر چوتھے اور پانچویں اور ناویں
سال میں ہو۔ اگر ان خطروں سے بچے۔ تو اوسکی عمر طبعی اسی سال چار ماہ اور چار روز
ہفت ساعت اور سہ دقیقہ ہو۔ واللہ اعلم بالصواب ؛

۹۰

جنم پتری لگن برج قوس بابت عورت

جس عورت کی لگن بموجب طریقہ مذکورۃ القدر برج قوس ہوگی۔ اوسکی جنم پتری
یہ ہے۔ کہ وہ نیک شکل اور تیز گو ہو۔ اور با مروت اور رحم دل ہو۔ طبع اوسکی گرم
خشک ہو۔ اور چھوٹی عمر میں کام اوس کے میانہ ہوں۔ اور بلوغت کے بعد اوسکی
عزت اور حرمت اور دولت زیادہ ہو۔ اور دل اسکا نرم ہو۔ اور خویشوں سے زیادہ
محبت رکھے۔ مگر خویشوں سے زیادہ فائدہ نہ ہو۔ اور سال ترکان گاڈ اور ماہ رمضان اور
روز بدھ اور جمعرات اوسکو نحس اور بد ہو۔ جو کام ان ایام میں کرے۔ خراب اور برباد ہو
اور جو چیز ان ایام میں ہاتھ لگے۔ برباد ہو جائے۔ اگر نیا چاند دیکھے۔ تو نابالغ پسر پر
نظر کرے۔ اور زندگی اوسکی آخر عمر میں عیش و عشرت سے گذرے۔ اور خانہ مال اوسکا برج
جدی ہے۔ ایک مرد سے اوسکو دولت ملے۔ اور ایک شخص کا اوسکو رنج اور غم بہت
پہونچے۔ اور برادران اور خویشوں سے اوسکو فائدہ نہ ہو۔ اور خانہ ماں باپ اسکا حوت
ہے۔ وہ اس سے خوش ہوں۔ لیکن جائیداد والدین اوسکو حاصل نہ ہو۔ اور اولاد کم آنت
پہونچے۔ کم پیدا ہوں۔ اور اسکو بیماری دلو پری سے ہوگی۔ جس سے اوسکی ناف خراب
ہو جاویگی۔ اور اسکو چاہیے۔ کہ دفع اپنے حاجت کے لئے درخت کے نیچے اور گھر ویران اور
لب دریا اور گورستان میں نہ جائے۔ کہ اوسکو خطرہ بہت ہوگا۔ اور اسکو بے تعویذ نہ رہنا
چاہیے۔ تعویذ متبرک تحریر کرا کر اپنے پاس رکھے۔ تو امان میں رہے۔ خانہ نکاح
اوسکا برج جوزا ہے۔ اگر نکاح پہلا نہ رہے۔ تو دوسرا نکاح کرے۔ خانہ سفر اوس کا

لگے نہایت تند سے اوسکو خطرہ عظیم ہے۔ اور تنگدستی سے روتا ہے۔ اور دلیری کی آفت سے
اوسکو بیماری ہو۔ اور اُس کی کوئی مالکیت نہ ہو۔ اور ہمیشہ خانہ بدوش ہو ور راہ محرم
اور سال ترکمان تیز زبان اور مشگوار اور سنیچر وار اوسکو نحس اور بد ہو۔ جو کام ان ایام میں
کرے۔ اوسکا انجام بد ہو خطرہ اوسکو بعمر دو اور ساتویں اور چالیسویں سال ہو
جب ان خطروں سے بچے۔ تو ستر سال پانچ ماہ اور دو ہفتہ چار یوم چار ساعت
وسات دقیقہ اوس کی عمر طبعی ہے۔ واللہ اعلم بالصواب

جنم پتری عورت لگن برج جدی نمبر ١٥

جس عورت کی لگن بموجب طریقہ مذکور برج جدی نکلے۔ اوس عورت کا رنگ سیاہ
اور گول چہرہ کشادہ ابرو چشمان کلان موٹا بدن اور اُس سے ماں باپ بیزار ہوں
اور وہ اولاد اپنی کا رنج اور غم اٹھائے۔ اگر پہلا خاوند نہ رہے۔ تو تین نکاح اور
کرے۔ صابر نہ ہو۔ گوسفنداں یعنی بھیڑ بکری یا محنت اور مشقت سے معیشت
سے گذران کرے۔ اور درد سر سے ہمیشہ غمناک رہے۔ اور مشگوار اور سنیچر وار اور
اتوار اور سال بذات ترکمان اور محرم اوسکو سازوار نہ ہو۔ اور آدمی اوس سے وفا اور
فائدہ نہ دیکھے۔ اور بدکاری کو پسند کرے۔ اور کام فحش اور غیبت اختیار کرے۔ اور
ایک شخص سے اوسکو رنج بہت پہنچے۔ اور برادران اور خویشیوں سے فائدہ نہ دیکھے
اور ماں باپ سے اوسکو رنج اور تکلیف پہنچے۔ اور انکا ورثہ نہ پائے۔ اور درد
سر اور رحم اور معدہ سے رنج اٹھائے۔ اور کانوں کی اوسکو بیماری ہو۔ اور
اسکو بلندی سے گرنے کا بہت خطرہ ہے اور آگ سے خطرہ عظیم ہے۔ اُس سے
پرہیز کرے۔ اور دیو سے اوسکو آفت پہنچے سفر کی نیت کرے۔ مگر سفر نہ ہو
سکے۔ اور دولت اور مال کی بہت خواہش کرے۔ مگر ہاتھ نہ آوے۔ اور

ہمیشہ مفلس رہے۔ ابتدا سے چند بدنامیاں لگیں۔ اور خطرہ اوسکو قید ہونے سے ہے۔ اور
دنیاوی تمام نعمتوں سے محروم رہے۔ خطرہ جان اُسکو بعمر تین یا نو اور بیس سال
جب ان خطروں سے بچے۔ تو اوسکی عمر طبعی ستر سال چار ماہ ایک ہفتہ ایک روز ایک
رات سات ساعت تین دقیقہ ہو۔ واللہ اعلم بالصواب

دیونامہ طالع جدی نمبر ١٥

حضرت سلیمان علیہ السلام نے فرمایا۔ کہ دیونامہ طالع جدی کو لاؤ۔ اُسی وقت
حاضر کیا گیا۔ دیو آیا۔ اوس کے تین سر تھے۔ ایک سر مانند اژدہا کے۔ دوسرا سر مانند
ہاتھی کے۔ تیسرا سر مانند گربہ یعنی بلی کے۔ اور پاؤں مانند سگ یعنی کتا کے۔ ایک ہاتھ
میں تلوار برہنہ۔ دوسرے ہاتھ میں آدمی کا سر کٹا ہوا۔ حضرت نے فرمایا۔ کہ اے دیو
تیرا کیا نام ہے۔ اور تم کہاں رہتے ہو۔ دیو نے عرض کیا۔ کہ یا رسول اللہ!
میرا نام ملجا ہے۔ اور مقام میرا چورستہ ویران اور مکان ویران اور تالاب ویران
پر ہے۔ جو شخص کہ وہاں سے گذرتا ہے۔ اور نام خدا کا نہیں لیتا۔ یا بے تعویذ ہوتا ہے
تو میں اوسکو آفت پہنچاتا ہوں۔ علامت آفت میری کی یہ ہے کہ جوڑ اور ہڈیاں
اوسکی درد کرتی ہیں۔ اور خواب میں ڈرتا ہے۔ اور اسکو آرام دل نہیں رہتا۔ اور دل
اوسکا سوختہ ہوتا ہے۔ اور درد سر پیدا ہوتی ہے۔ حضرت سلیمان علیہ السلام نے فرمایا
کہ اے دیو اسکا علاج کیا ہے۔ دیو نے کہا۔ کہ ایک بکرا سیاہ۔ یا مرغ سیاہ لاویں۔ اور
ذبح کریں۔ اوسکا کچا گوشت صدقہ دیوے۔ اور اُس کے خون سے تعویذ ذیل
لکھ کر مریض کے گلے میں باندھیں۔ اور ایک ہنڈیا
ایک سیر روٹی اور پاؤ نمک اور ایک کپڑا مریض کا
صدقہ دیوے اللہ تعالیٰ اچھا کریگا۔ تعویذ یہ ہے

٩	٢	٤
١٢	٦	٨
٥	١٠	١٣